DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 17.07.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | جدت کاری تخلیقی صلاحیتوں اور ترقی کے ماحول کو فروغ دیا جائے، جعفر مندوخیل | جنگ و دیگر اخبارات |
| 02 | بلوچستان فورسز کا آواران میں آپریشن تین دہشتگرد ہلاک، میجر شہید | جنگ و دیگر اخبارات |
| 03 | پانچ سال میں 80 ہزار سے زائد شناختی کارڈ بلاک کے پی سرفہرست بلوچستان دوسرے نمبر پر، وزارت داخلہ | انتخاب و دیگر اخبارات |
| 04 | اعلیٰ تعلیم اور فنی تربیت قومی ترقی کی کنجی ہے، وفاقی وزیر بحری امور | مشرق و دیگر اخبارات |
| 05 | صحبت پور کے مسائل کو ترجیح بنیادوں پر حل کرینگے، میر سلیم کھوسہ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 06 | بے گناہ مسافروں کو شہید کرنا بدترین دہشتگردی ہے، صوبائی وزراء اراکین اسمبلی | مشرق و دیگر اخبارات |
| 07 | بلوچستان ترقی کے زینے طے کرتے ہوئے جلد مثالی صوبہ بنے گا، بخت محمد کاکڑ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 08 | قلات حملہ میں ملوث عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، نور محمد دمڑ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 09 | قلات میں مسافر کوچ پر فائرنگ بزدلانہ دہشتگردی ہے، مینا مجید | جنگ و دیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان کے لوگ کھیلوں سے پیار، دہشت گردی سے نفرت کرتے ہیں، راحیلہ درانی | جنگ و دیگر اخبارات |
| 11 | سرمایہ کاری میں آسانی کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں، چیف سیکرٹری | جنگ و دیگر اخبارات |
| 12 | کوئٹہ شہر میں انتظامی بہتری کیلئے موثر اقدامات کرینگے، کمشنر کوئٹہ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 13 | گوادر میں اعلیٰ تعلیم اور فنی مہارت کے فروغ میں تعاون کرینگے، جنید انوار چوہدری | جنگ و دیگر اخبارات |
| 14 | حملہ آوروں کا تعاقب جاری سرچ آپریشن شروع کردیا، شاہد رند | جنگ و دیگر اخبارات |
| 15 | کوئٹہ جعلی اسناد اور ریکارڈ میں ٹمپرنگ بورڈ آفس کے پانچ آفسران اور طالب علم گرفتار | جنگ و دیگر اخبارات |
| 16 | رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں سرمایہ کاری کرنیوالے نادہندگان کیخلاف کارروائی کا آغاز | جنگ و دیگر اخبارات |
| 17 | کوئٹہ ڈی سی کی زیر نگرانی کھلی کچہری، عوامی مسائل پر احکامات جاری | جنگ و دیگر اخبارات |
| 18 | حکومت صوبے میں امن وامان کے قیام میں ناکام ہوچکی، نیشنل پارٹی | جنگ و دیگر اخبارات |
| 19 | مہنگائی کے ستائے عوام پر مسلسل بوجھ ڈالا جارہا ہے، مولانا لونی | جنگ و دیگر اخبارات |
| 20 | جمعیت کو صوبے میں بھرپور عوامی تائید حاصل ہے، مولانا واسع | جنگ و دیگر اخبارات |

## امن وامان:

قلات کراچی سے کوئٹہ جانے والی بس پر فائرنگ تین مسافر جاں بحق، 13 زخمی ہزار گنجی میں بم دھماکہ خاتون سمیت تین زخمی، کچلاک پہاڑی سے پرانی لاش برآمد، اوستہ محمد ماموں نے 20 سالہ بھانجی کو قتل کردیا، بیلہ چھینی گئی گاڑی برآمد دو ملزمان گرفتار، چمن لیویز نے چوری ومنشیات فروشی میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرلیا،

## عوامی مسائل:

ایئرپورٹ روڈ عالمو بائی پاس نواں کلی کے علاقوں میں کتوں کی بھرمار عوام پریشان

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مورخہ 17.07.2025**

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**صوبائی وزیر صحت کا اہم اعلان** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ یہ بات قابل ذکر ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں قائم سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو ادویات نہیں مل رہی ہیں یہ ان کو بازار سے خرید کرلانی پڑتی ہیں افسوس کی بات تو یہ ہے کہ شعبہ حادثات میں بھی ادویات اور دیگر سہولتوں کا فقدان ہے مریضوں کو اکثر ٹیسٹ بھی باہر سے کروانے پڑتے ہیں صوبے میں آنے والی ہر حکومت کے دور میں محکمہ صحت کے بجٹ میں اضافہ کیا گیا لیکن اس کے باوجود عوام سرکاری ہسپتالوں میں علاج کی سہولتوں سے محروم رہے جو کہ بلاشبہ ایک بڑا لمحہ فکر یہ ہے۔ گزشتہ روز صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے بلوچستان ہیلتھ شپ کانفرنس سے خطاب کے دوران ایک بڑا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری سطح پر عوام کی سہولیات ،علاج ومعالجہ اور ادویات فراہم کرنے کیلئے بھرپور اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے ایسے مافیا کا خاتمہ کرینگے جو سالوں سال قابض ہو کر صحت کی سہولیات سرکاری سطح پر نہیں ہونے دیتے تھے لیکن ہم اس کو ناکام بنادینگے، بشرطیکہ ہمارے ساتھ افسران تعاون کریں ادویات سے متعلق شکایات آئی تو متعلقہ آفیسر کیخلاف بھرپور کارروائی کرینگے، پی پی کے سربراہ بلاول بھٹو زرداری اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی واضح ہدایات ہیں کہ محکمہ صحت کو صحیح سمت پر لانے کیلئے تمام تر اقدامات کئے جائیں وسائل ہم فراہم کرینگے انہوں نے واضح کیا کہ ذمہ دار آفیسران اپنے آپ کو خادم سمجھ کر عوام کی خدمت کیلئے آگے آئیں کو تاہی کرنے والے افیسران اپنے اپ کو فارغ سمجھیں۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Public healthcare crisis" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**چیف سیکرٹری بلوچستان کے وژنری اقدامات بہتر گورننس کے تابندہ نقوش** " کے عنوان سے شیخ عبدالرزاق کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**میرٹ شفافیت اور خدمت :وزیر اعلیٰ بلوچستان کی پالیسیوں کی عملی تصویر** " کے عنوان سے انفارمیشن آفس سبی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**غیر معمولی حالات اورڈی جی پی ڈی ایم بلوچستان کا مثالی کردار**" کے عنوان سے سلیمان ترین کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 17 JUL 2025 Page No. 1


## ریذیڈینشل کالجز میں جدید نصاب اور سائنسی طریقہ کار اختیار کرنا ہوگا، گورنر

### تعلیمی اداروں کو موثر بنانے کیلئے نئی صلاحیتوں اور استعداد کار میں اضافہ ضروری ہے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ہماری تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا کے نئے تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے ریذیڈینشل کالجز میں فرسودہ اور روایتی طریقوں کی بجائے ہمیں جدید نصاب اور سائنسی طریقے کار کو اختیار کرنا ہوگا، موجودہ تعلیمی اداروں کو موثر اور قابل اعتماد بنانے کیلئے نئی صلاحیتوں کی تعمیر اور استعداد کار میں اضافہ بہت ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار گورنر مندوخیل نے ریذیڈینشل کالج ژوب کے پرنسپل پروفیسر گلدار علی خان وزیر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبے میں ریذیڈینشل کالجوں کی کارکردگی اطمینان بخش ہے تاہم مزید بہتری کی کافی گنجائش موجود ہے۔ انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ صلاحیت کی تعمیر میں نہ صرف تعلیم شامل ہے بلکہ لوگوں کو بدلتی ہوئی دنیا میں ترقی کی منازل طے کرنے کی تربیت بھی شامل ہے۔



کوئٹہ: گورنر جعفر خان مندوخیل سے اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں



گورنر جعفر مندوخیل سے پرنسپل بی آر سی ژوب پروفیسر گلدار علی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے


MASHRIQ QUETTA


## جدت کاری، تخلیقی صلاحیتوں اور ترقی کے ماحول کو فروغ دیا جائے، جعفر مندوخیل

صوبے میں ریذیڈینشل کالجوں کی کارکردگی اطمینان بخش ہے تاہم مزید بہتری کی کافی گنجائش موجود ہے، گورنر

ترقی کیلئے بلوچستان کے ریذیڈینشل کالجوں کے فوائد کو مزید بڑھایا جا سکتا ہے، کوئٹہ میں ملنے والے وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ہماری تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا کے نئے تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے ریذیڈینشل کالجوں میں فرسودہ اور روایتی طریقوں کی بجائے ہمیں جدید نصاب اور سائنسی طریقے کار کو اختیار کرنا ہوگا۔ موجودہ تعلیمی اداروں کو موثر اور قابل اعتماد بنانے کیلئے نئی صلاحیتوں کی تعمیر اور استعداد کار میں اضافہ بہت ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار گورنر مندوخیل نے ریذیڈینشل کالج ژوب کے پرنسپل پروفیسر گلدار علی خان وزیر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبے ......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

میں ریذیڈینشل کالجوں کی کارکردگی اطمینان بخش ہے تاہم مزید بہتری کی کافی گنجائش موجود ہے۔ انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ صلاحیت کی تعمیر میں نہ صرف تعلیم شامل ہے بلکہ لوگوں کو بدلتی ہوئی دنیا میں ترقی کی منازل طے کرنے کی تربیت بھی شامل ہے۔ جدت کاری، تخلیقی صلاحیتوں اور مسلسل ترقی کے ماحول کو فروغ دیکر بلوچستان کے ریذیڈینشل کالجوں کے فوائد کو مزید بڑھایا جا سکتا ہے اسطرح وہ دیرپا اثرات مرتب کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ گورنر مندوخیل نے رہائشی کالجوں کے ذریعے جامع تعلیمی ترقی کو فروغ دینے کیلئے تعلیمی پروگرام، رہائش اور ہم نصابی سرگرمیوں کو کامیابی کے ساتھ مربوط کیا ہے۔ اس انضمام نے سماجی ذمہ داری، قیادت، اور عالمی شہریت کو فروغ دینے، متنوع تعلیمی شعبوں میں تعاون اور علم کے اشتراک کی حوصلہ افزائی کی ہے۔



گورنر جعفر خان مندوخیل سے اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں


CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 30 روپے

جلد 54 | جمعرات 21 محرم الحرام 1447ھ 17 جولائی 2025ء | نمبر 193


# بلوچستان: فورسز کا آواران میں آپریشن، 3 دہشتگرد ہلاک، میجر شہید

**بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود برآمد، آئی ایس پی آر، میجر سید ربنواز طارق شہید کو خراج عقیدت، کامیاب آپریشن امن واستحکام کیلئے سنگ میل ہے، وزیراعلیٰ بگٹی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آواران میں سیکورٹی فورسز کا ٹارگٹڈ آپریشن فائرنگ کے تبادلے میں انڈین پراکسی، فتنہ الہندستان کے تین دہشت گرد ہلاک جبکہ میجر نواز شہید ہوگئے فورسز نے ٹھکانے کو مسمار کرکے بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود قبضے میں لے لیا جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے امن واستحکام کے لیے ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ دہشت گردوں نے آواران میں دہشت گردی کا منصوبہ بنایا ہے جس پر گزشتہ روز سیکورٹی فورسز نے آواران میں ٹارگٹڈ آپریشن کیا دہشت گردوں نے فورسز کو دیکھتے ہی شدید فائرنگ شروع کردی تاہم سیکورٹی فورسز نے بھی جوابی کارروائی کی فائرنگ کا تبادلہ ایک گھنٹے تک جاری رہا فائرنگ میں تین دہشت گرد ہلاک جبکہ میجر رب نواز شہید ہوگئے اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو مکمل گھیرے میں لے کر شہید کی میت ہسپتال منتقل کی سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مسمار کرکے بھاری تعداد میں اسلحہ وگولہ بارود قبضے میں لے لیا جبکہ۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے آواران میں دہشت گرد تنظیم فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر ٹارگٹڈ آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ فائرنگ کے تبادلے میں تین بھارتی اسپانسرڈ دہشت گرد واصل جہنم ہوگئے تاہم شدید فائرنگ کے تبادلے میں میجر سید ربنواز طارق نے دشمن کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کی۔ شہید میجر اپنے دستے کی قیادت فرنٹ لائن سے کررہے تھے۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ علاقے میں کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے تاکہ کسی بھی چھپے دہشتگرد کو ختم کیا جاسکے، پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملک سے بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں اور ہمارے بہادر سپاہیوں کی قربانیاں اس عزم کو مزید مضبوط بناتی ہیں دریں اثنا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب خفیہ آپریشن پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کے خلاف پاک افواج کی بروقت اور دلیرانہ کارروائی قوم کے لیے باعث فخر ہے۔

CamScanner

CI…
DIRECTORATE GENERAL OF PU… RELATIONS BALOC…
نظامت اعلیٰ تعلقات ع…
حکومت بلوچستا…

Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعرات 21 محرم الحرام 1447ھ 17 جولائی 2025ء صفحات 08 | شمارہ 12
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

Bullet No. 1
Page No. 3

صدر، وزیراعظم کی شدید مذمت، فتنہ الہندکے حملے پاکستانیوں کیخلاف اعلان جنگ ہیں، معصوم اور بے گناہ مسافروں کو نشانہ بنانے والوں کو معاف نہیں کرینگے، وزیراعلیٰ

# قلات، کوچ پر فائرنگ، 3 مسافر جاں بحق، 13 زخمی

## آواران میں فورسز کا آپریشن، 3 دہشتگرد ہلاک، میجر شہید



دہشتگردوں نے نیمرغ کراس کے قریب کراچی سے کوئٹہ جانے والی مسافر کوچ کو روکنے کی کوشش کی پھر فائرنگ شروع کردی، جاں بحق ہونے والوں میں باپ اور بیٹا بھی شامل

لاشوں کی شناخت احمد حسین ولد بشیر احمد سکنہ کراچی، محمد رضا ولد احمد حسین سکنہ کراچی اور آصف ملک ولد عطا محمد کے نام سے ہوئی، شدید زخمیوں کو علاج کیلئے کوئٹہ منتقل کردیا گیا

ریاست دہشت گردی کے خلاف پوری قوت سے کارروائی جاری رکھے گی، صدر مملکت، نہتے شہریوں کے قاتل دہشت گردوں کو بہت بھاری قیمت ادا کرنی پڑے گی، وزیراعظم

فورسز نے خفیہ اطلاعات پر 16 جولائی کو ضلع آواران میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا تین بھارتی اسپانسرڈ دہشت گرد واصل جہنم ہو گئے میجر سید ربنواز طارق جام شہادت نوش کر گئے

بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کے لیے بیرونی قوتیں مسلسل سرگرم ہیں، دہشتگردوں کے خلاف آپریشن بلوچستان سمیت پاکستان کے امن واستحکام کے لیے اہم سنگ میل ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ، قلات (سٹی رپورٹر + خ ن + نامہ نگار) قلات میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر نیمرغ کراس کے قریب کراچی ........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

سے کوئٹہ جانے والی مسافر کوچ پر مسلح افراد کا حملہ، باپ بیٹے سمیت تین افراد جاں بحق جبکہ 13 مسافر زخمی، لاشیں و زخمی ہسپتال منتقل، ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ، زخمیوں کو طبی امداد کے بعد مزید علاج کے لئے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا، نعشوں اور زخمیوں کو نیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں پر تین نعشوں کی شناخت محمد حسین ولد بشیر احمد سکنہ کراچی، محمد رضا ولد احمد حسین سکنہ کراچی اور آصف ملک ولد عطا محمد کے نام سے ہوئی جبکہ زخمیوں میں حیدر ولد مطلوب قوم مہاجر کراچی، عمران ولد بشیر قوم دھلکہ سکنہ کراچی، مظفر عباس منصور عباس کراچی، محمد ثاقب ولد بلال مہاجر کراچی، فیصل ولد بشیر قوم مہاجر سکنہ کراچی، محمد ندیم ولد شہاب الدین مہاجر سکنہ کراچی، محمد رضوان ولد منظور احمد قوم میر عالم کراچی، منصور عباس ولد منظور احمد مہاجر لیاقت آباد کراچی، محمد وارث ولد مبارک اردو سپیکنگ نیو کراچی، فیضان ولد نعیم قوم صابری سکنہ کراچی، دلشاد ولد مشتاق احمد قریشی سکنہ لیاقت آباد کراچی، کوچ ڈرائیور نجیب احمد ولد نامعلوم قوم براہوئی اور بلال احمد ولد جاوید قوم میر عالم لالوکیت کراچی اور دیگر شامل ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلات کے علاقے نیمرغ میں کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ اور قابل نفرت دہشتگردی قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ معصوم اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ایک ناقابل معافی جرم ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ اس حملے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ایک ناقابل تلافی قومی نقصان ہے جس پر پوری قوم سوگوار ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کہا کہ فتنہ الہند کی دہشتگرد تنظیمیں پہلے شناخت کی بنیاد پر حملے کرتی رہی ہیں مگر اب وہ اندھا دھند عام شہریوں کو نشانہ بنا رہی ہیں جس سے یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ یہ جنگ ہر پاکستانی کے خلاف ہے انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ یہ حملے دراصل پاکستان کے اتحاد، سالمیت اور امن کے خلاف اعلان جنگ ہیں جنہیں ہم ہر قیمت پر ناکام بنائیں گے وزیراعلیٰ نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب خفیہ آپریشن پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کے خلاف پاک افواج کی بروقت اور دلیرانہ کارروائی قوم کے لیے باعث فخر ہے یہاں جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف یہ آپریشن نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے امن و استحکام کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کے لیے بیرونی قوتیں مسلسل سرگرم ہیں تاہم ہماری سیکیورٹی فورسز ان سازشوں کو بار بار ناکام بناتی آئی ہیں اور یہ تسلسل جاری رہے گا انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی سرزمین پر دشمن کے ناپاک عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا وزیراعلیٰ نے پاک فوج کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور قربانی کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک دشمن عناصر کے خلاف جنگ آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہے گی۔

اسلام آباد، راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سکیورٹی فورسز کے آواران میں خفیہ آپریشن کے دوران تین بھارتی دہشت گرد........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

مارے گئے، اس دوران فائرنگ سے میجر سید ربنواز شہید ہوگئے آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات پر 16 جولائی کو ضلع آواران میں دہشت گرد تنظیم فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران پاکستانی دستوں نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ آپریشن کے نتیجے میں تین بھارتی اسپانسرڈ دہشت گرد واصل جہنم ہو گئے تاہم شدید فائرنگ کے تبادلے میں میجر سید ربنواز طارق دشمن کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کر گئے۔ شہید میجر اپنے دستے کی قیادت فرنٹ لائن سے کر رہے تھے آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ علاقے میں کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے تاکہ کسی بھی چھپے دہشتگرد کو ختم کیا جا سکے، پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملک سے بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں اور ہمارے بہادر سپاہیوں کی قربانیاں اس عزم کو مزید مضبوط بناتی ہیں۔ دریں اثنا صدر مملکت آصف علی زرداری نے قلات، بلوچستان میں مسافر بس پر بزدلانہ دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ عام شہریوں کو نشانہ بنانا انتہائی سفاکانہ اور قابل مذمت فعل ہے۔ ایوان صدر سے جاری بیان میں صدر مملکت نے افسوسناک واقعے میں قیمتی جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ بے گناہ عام شہریوں کو نشانہ بنانا انتہائی سفاکانہ اور قابل مذمت فعل ہے۔

روزنامہ ایکسپریس سینچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 212 | جمعرات، 21 محرم الحرام، 17 جولائی 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# آواران: بھارتی سپانسرڈ 3 دہشتگرد ہلاک، میجر شہید، قلات: بس پر حملہ میں 3 افراد جاں بحق

## جانوں کا ضیاع ناقابل تلافی نقصان، وزیراعلیٰ

آپریشن میں مظفرآباد کے میجر رب نواز طارق بہادری سے مقابلہ کرتے شہید ہوگئے، مسافر بس پر نیمرغ کے قریب مسلح افراد نے فائرنگ، دستی بم پھینکے، 13 مسافر زخمی

**ہزار گنجی میں فورسز کو نشانہ بنانے کیلئے ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ، 3 افراد زخمی، حملے ملکی سالمیت کیخلاف سازش، سرفراز بگٹی، فورسز حملہ آوروں کا تعاقب کر رہی ہیں، ترجمان حکومت**

اسلام آباد، کوئٹہ (خالد محمود، نیوز ایجنسیاں) ضلع آواران میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں بھارتی سپانسرڈ 3 دہشتگرد مارے گئے، مقابلہ کرتے ہوئے میجر سید رب نواز طارق شہید ہو گئے، ادھر قلات (باقی صفحہ 5 نمبر 18)

کے قریب مسافر بس پر دہشتگردوں کے حملہ میں 3 افراد جاں بحق جبکہ متعدد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سیکورٹی فورسز نے فتنہ ہندستان سے تعلق رکھنے والے دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر ضلع آواران میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، جس میں 3 بھارتی سپانسرڈ دہشت گرد مارے گئے جبکہ میجر سید رب نواز طارق بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے فتنہ ال ہندستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر ضلع آواران میں آپریشن کیا، آپریشن کے دوران موثر طریقے سے دہشت گردوں کے مقام کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں، تین بھارتی سپانسر دہشت گرد مارے گئے، تاہم، شدید فائرنگ کے تبادلے کے دوران مظفر آباد کے 34 سالہ میجر سید رب نواز طارق بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے، علاقے میں پائے جانے والے کسی بھی ممکنہ دہشت گرد کو ختم کرنے کے لیے سینی ٹائزیشن آپریشن بھی کیا گیا، سیکیورٹی فورسز ملک سے ہندوستانی اسپانسرڈ دہشت گردی کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں، اور بہادر جوانوں کی یہ قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قلات قومی شاہراہ پر کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر مسلح افراد کی فائرنگ، دستی بم حملے میں تین مسافر جاں بحق، ڈرائیور سمیت 13 مسافر زخمی ہو گئے، کوئٹہ میں ہزار گنجی کراس پر موٹر سائیکل (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

میں نصب بم دھماکہ میں خاتون سمیت تین افراد زخمی ہو گئے سیکورٹی فورسز نے سرچ آپریشن شروع کر دیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے قلات واقعے کی مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ اور قابل نفرت دہشتگردی قرار دیا ہے، پولیس کے مطابق قلات کے علاقے نیمرغ میں قومی شاہراہ پر گھات لگائے مسلح افراد نے گزشتہ روز کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر شدید فائرنگ کرتے ہوئے دستی بم حملے کئے جس کے نتیجے میں تین مسافر احمد حسین ولد بشیر احمد، محمد رضا ولد احمد حسین اور آصف ملک ولد عطا محمد جاں بحق جبکہ حیدر ولد مطلوب، عمران ولد بشیر، منظر عباس، محمد ثاقب ولد بلال، فیصل ولد بشیر، محمد ندیم ولد شہاب الدین، محمد رضوان ولد منظور احمد، منصور عباس ولد منظور احمد، محمد وارث ولد مبارک، فیضان ولد فہیم، دلشاد ولد مشتاق احمد قریشی، کوچ کا ڈرائیور نجیب احمد اور بلال احمد ولد جاوید شدید ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا جہاں چار زخمیوں کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے ہسپتال میں لاشوں اور زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کر دیا گیا، حملے میں زخمی ہونے والے شخص نے بتایا ہے کہ ان کا تعلق کراچی کی ماجد علی صابری برداری سے ہے وہ کراچی سے کوئٹہ ایک شادی کی تقریب میں قوالی گانے جا رہے تھے قلات کے مقام پر نامعلوم افراد نے ان پر حملہ کیا انہوں نے کہا کہ جاں بحق اور زخمی ہونے والوں میں معروف قوال احمد صابری کے رشتہ دار بھی شامل ہیں۔ ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ قلات کے علاقے نیمرغ میں کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر فائرنگ کا واقعہ رونما ہوا، سیکورٹی ادارے، ضلعی انتظامیہ اور ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ کر زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال قلات منتقل کیا گیا انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا ہے جبکہ سرچ آپریشن جاری ہے سیکورٹی فورسز حملہ آوروں کا تعاقب کر رہی ہیں، حکومت بلوچستان اس واقعے کی مکمل تحقیقات کر رہی ہے اور ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں کہا کہ معصوم اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ایک ناقابل معافی جرم ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ اس حملے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ناقابل تلافی قومی نقصان ہے، جس پر پوری قوم سوگوار ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کہا کہ فتنہ الہند کی دہشتگرد تنظیمیں پہلے شناخت کی بنیاد پر حملے کرتی رہی ہیں مگر اب وہ اندھا دھند عام شہریوں کو نشانہ بنا رہی ہیں جس سے یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ یہ جنگ ہر پاکستانی کے خلاف ہے انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ یہ حملے دراصل پاکستان کے اتحاد، سالمیت اور امن کے خلاف اعلان جنگ ہیں جنہیں ہم ہر قیمت پر ناکام بنائیں گے وزیر اعلیٰ نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی، دریں اثناء کوئٹہ کے علاقے ہزار گنجی ٹرک اڈا کے قریب نامعلوم افراد نے سیکورٹی فورسز کو نشانہ بنانے کیلئے موٹر سائیکل میں ریموٹ کنٹرول نصب کر کے کھڑی کر رکھی تھی گزشتہ شام سیکورٹی فورسز کی پانچ گاڑیاں جیسے ہی وہاں سے گزر گئی بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں ایک بھکارن خاتون اور دو ٹرک ڈرائیور باغ علی ولد مبارک علی اور عبدالقادر ولد محمد ہاشم زخمی ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا۔

CamScanner

CL
DIRECTORATE GENERAL OF PUBL
RELATIONS BALOCHS
نظامت اعلیٰ تعلقات
حکومت بلوچ
Bullet No. 1
Page No. 5

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4
قیمت 30 روپے
صفحات
www.dailyintekhab.PK
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 17 جولائی 2025ء بمطابق 21 محرم الحرام 1447ھ | شمارہ نمبر 193

کوئٹہ ہزار گنجی میں موٹر سائیکل میں نصب بم پھٹنے سے 2 راہ گیر زخمی، امن دشمنوں کا خاتمہ کرینگے، صدر، وزیراعظم، وزیراعلیٰ بلوچستان

# قلات، مسافر بس پر حملہ، 3 جاں بحق، 13 زخمی

## آواران میں آپریشن 3 دہشت گرد ہلاک میجر شہید، آئی ایس پی آر

نیمرغ کراس کے قریب نامعلوم افراد نے کوچ پر فائرنگ کی اور راکٹ لانچر سے حملہ کیا، جاں بحق ہونے والوں میں باپ بیٹا بھی شامل، مرنے اور زخمی ہونے والوں کا تعلق ماجد صابری قوال و ہمنواں گروپ سے تھا، کراچی پی آئی بی کے رہائشی تھے

سیکیورٹی فورسز نے آواران آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا، ترجمان فوج، علاقے میں کلیئرنس آپریشن جاری، دہشت گرد انسانیت اور امن کے دشمن ہیں، زرداری، شہباز، سرفراز بگٹی، شاہد رند

کوئٹہ/ قلات/ اسلام آباد (انتخاب نیوز + نمائندہ انتخاب + خ ن + ایجنسیز) بلوچستان کے ضلع قلات میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر نیمرغ کراس کے قریب کراچی سے کوئٹہ جانے والی سدا بہار کمپنی کی مسافر کوچ پر مسلح افراد کا حملہ، باپ بیٹے سمیت تین افراد جاں بحق جبکہ 13 مسافر زخمی، نعشیں و زخمی ہسپتال منتقل، ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ، زخمیوں کو طبی امداد کے بعد مزید علاج کے لئے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا، حملہ آور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، پولیس ذرائع کے مطابق بلوچستان کے ضلع قلات میں نیمرغ کراس کے قریب نامعلوم افراد کی کراچی سے کوئٹہ جانے والے مسافر کوچ پر فائرنگ کی گئی جبکہ یو بی جی ایل راکٹ لانچرز سے حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں تین افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ متعدد زخمی ہو گئے اطلاع ملتے ہی پولیس لیویز و سمیت ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ کر

بقیہ نمبر 14 صفحہ 5 پر

علاقے کو گھیرے میں لیکر نعشوں اور زخمیوں کو ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں پر تین نعشوں کی شناخت احمد حسین ولد بشیر احمد سکنہ کراچی، محمد رضا ولد احمد حسین سکنہ کراچی اور آصف ملک ولد عطا محمد کے نام سے ہوئی جبکہ زخمیوں میں حیدر ولد مطلوب مہاجر کراچی، عمران ولد بشیر قوم دھلکہ سکنہ کراچی، منتظر عباس معصوم عباس کراچی، محمد ثاقب ولد بلال مہاجر کراچی، فیصل ولد بشیر مہاجر سکنہ کراچی، محمد ندیم ولد شہاب الدین مہاجر سکنہ کراچی، محمد رضوان ولد منظور احمد قوم میر عالم کراچی، مصور عباس ولد منظور احمد مہاجر لیاقت آباد کراچی، محمد وارث ولد مبارک اردو سپیکنگ نیو کراچی، ایشان ولد فہیم قوم صابری سکنہ کراچی، دانش ولد مشتاق احمد قریشی سکنہ لیاقت آباد کراچی، کوچ ڈرائیور حبیب احمد ولد نامعلوم قوم براہوئی اور بلال احمد ولد جاوید قوم میر عالم سکنہ لالو کیت کراچی شامل ہیں زخمیوں سے چار افراد کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ ہسپتال میں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج کے لئے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا اس موقع پر ہسپتال میں اے ڈی سی کمشنر قلات کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ ایس پی شہزاد اکبر ایس ایچ او صبیب اللہ بخاری ایڈیشنل ایس ایچ او میر نذیر احمد عمرانی سمیت ایم ایس

ڈاکٹر نصر اللہ لانگو ڈاکٹر محمد یعقوب زہری سمیت دیگر موجود تھے مزید تحقیقات کی جا رہی ہے۔ جبکہ سیکیورٹی فورسز کے آواران میں خفیہ آپریشن کے دوران تین بھارتی دہشت گرد مارے گئے، اس دوران فائرنگ سے میجر سید رب نواز شہید ہو گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات پر 16 جولائی کو ضلع آواران میں دہشت گرد تنظیم فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران پاکستانی دستوں نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ آپریشن کے نتیجے میں تین بھارتی اسپانسرڈ دہشت گرد واصل جہنم ہو گئے تاہم شدید فائرنگ کے تبادلے میں میجر سید رب نواز طارق دشمن کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کر گئے۔ شہید میجر اپنے دستے کی قیادت فرنٹ لائن سے کر رہے تھے۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ علاقے میں کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے تاکہ کسی بھی چھپے دہشتگرد کو ختم کیا جا سکے۔ جبکہ گزشتہ روز کوئٹہ کے نواحی علاقے ہزار گنجی کے قریب مین شاہراہ پر نامعلوم ملزمان کی جانب سے دہشت گردی کی مد سے موٹر سائیکل میں دھماکہ خیز مواد نصب کیا گیا تھا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں قریب سے گزرنے والے 2 راہ گیر حاجی علی اور عبدالستار سکنہ مری کیمپ زخمی ہو گئے۔ دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا اور موٹر سائیکل تباہ ہو گئی دھماکے کی آواز دور دور تک سنی گئی۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، بم ڈسپوزل اسکواڈ اور سیکیورٹی فورسز کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں علاقے کو گھیرے میں لیکر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق دھماکہ ٹائم بم کے ذریعے کیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔ جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز

شریف کی قلات، بلوچستان میں مسافر بس پر بزدلانہ دہشتگرد حملے کی شدید مذمت۔ افسوسناک واقعے میں قیمتی جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار۔ اپنے بیانات میں انہوں نے کہا کہ بے گناہ عام شہریوں کو نشانہ بنانا انتہائی سفاکانہ اور قابل مذمت عمل ہے، دہشتگرد امن و استحکام کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں، یہ انسانیت اور امن کے دشمن ہیں، قوم کی حمایت سے دہشتگردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کریں گے، ریاست دہشتگردی کے خلاف پوری قوت سے کارروائی جاری رکھے گی، انہوں نے ہدایت کی کہ زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ جبکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلات کے علاقے نیمرغ میں کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ اور قابل نفرت دہشتگردی قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ معصوم اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ایک ناقابل معافی جرم ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ اس حملے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ایک ناقابل تلافی قومی نقصان ہے

جس پر پوری قوم سوگوار ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلیجنس آپریشن پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کے خلاف پاک افواج کی بروقت اور دلیرانہ کارروائی قوم کے لیے باعث فخر ہے یہاں جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف یہ آپریشن نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے امن و استحکام کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کے لیے بیرونی قوتیں مسلسل سرگرم ہیں تاہم ہماری سیکیورٹی فورسز ان سازشوں کو بار بار ناکام بناتی آئی ہیں اور یہ تسلسل جاری رہے گا۔ جبکہ ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ قلات کے علاقے میں مسافر بس پر فائرنگ کے نتیجے میں 3 مسافر شہید جبکہ 7 زخمی ہوئے ہیں، واقعہ کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا ہے اور سرچ آپریشن جاری ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ قلات کے علاقے نیمرغ میں کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر فائرنگ کا واقعہ رونما ہوا ہے افسوسناک واقعے میں 3 مسافر شہید جبکہ 7 زخمی ہوئے۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | جمعرات 17 جولائی 2025ء بمطابق 21 محرم الحرام 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 192


میر سرفراز بگٹی

## دہشتگردی کے خاتمے تک بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز سرگرم عمل رہیں گی

**پوری قوم اپنی سیکورٹی فورسز ساتھ کھڑی ہے ملک دشمن عناصر کے خلاف جنگ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہے گی**

**بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کیلئے غیر ملکی قوتیں سرگرم ہیں پاک فوج کی پیشہ ورانہ صلاحیت مہارت عزم اور قربانی کو سلام پیش کرتے ہیں**

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اداران میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کے خلاف پاک افواج کی بروقت اور دلیرانہ کارروائی قوم کے لیے باعث فخر ہے یہاں جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف یہ آپریشن نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے امن و استحکام کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کے لیے بیرونی قوتیں مسلسل سرگرم ہیں تاہم ہماری سکیورٹی فورسز ان سازشوں کو بار بار ناکام بناتی آئی ہیں اور یہ تسلسل جاری رہے گا انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی سرزمین پر دشمن کے ناپاک عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے پاک فوج کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور قربانی کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک دشمن عناصر کے خلاف جنگ آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 | جمعرات 17 جولائی 2025ء بمطابق 21 محرم الحرام 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔191

# قلات، کوچ پر فائرنگ، تین مسافر جاں بحق، 13 زخمی، فورسز کا سرچ آپریشن، حملہ آوروں کا تعاقب جاری

سرفراز بگٹی

**نیمرغ کے مقام پر کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر بس کو نشانہ بنایا گیا، جاں بحق اور زخمی ہونے والوں کا تعلق کراچی کے مختلف علاقوں سے ہے، پولیس**

**یہ حملے دراصل پاکستان کے اتحاد، سلامتی اور امن کے خلاف اعلانِ جنگ ہیں جنہیں ہم ہر قیمت پر ناکام بنائیں گے، یہ جنگ ہر پاکستانی کے خلاف ہے، وزیراعلیٰ**

**سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو مکمل طور پر گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے، حملہ آوروں کا تعاقب جاری ہے، حکومت واقعے کی مکمل تحقیقات کر رہی ہے، شاہد رند**

قلات (آن لائن) قلات میں مسلح افراد کی مسافر کوچ پر فائرنگ و راکٹ لانچرز سے حملہ، حملے میں تین افراد جاں بحق جبکہ 13 افراد زخمی ہوگئے، حملہ آور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب، نعشیں و زخمی ہسپتال منتقل، تفصیلات کے (بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 2 پر)

مطابق قلات میں کراچی سے کوئٹہ جانے والے مسافر کوچ جو کہ سدا بہار کمپنی کا کوچ بتایا جاتا ہے کو نیشنل ہائی وے پر نیمرغ کراس کے قریب نشانہ بنایا گیا معلومات کے مطابق کوچ کو یو بی جی ایل راکٹ لانچرز اور فائرنگ سے نشانہ بنایا گیا اس حملے کے نتیجے میں کوچ میں سوار تین افراد موقع پر جاں بحق جبکہ 13 افراد زخمی ہوگئے اطلاع ملتے ہی پولیس ،لیویز سمیت ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لیکر نعشوں اور زخمیوں کو ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں پر تین نعشوں کی شناخت احمد حسین ولد بشیر احمد سکنہ کراچی، محمد رضا ولد احمد حسین سکنہ کراچی اور آصف ملک ولد عطا محمد کے نام سے ہوئی جبکہ زخمیوں میں حیدر ولد مطلوب مہاجر کراچی، عمران ولد بشیر قوم وحلکہ سکنہ کراچی، منظر عباس مصور عباس کراچی، محمد ثاقب ولد بلال مہاجر کراچی، فیصل ولد بشیر مہاجر سکنہ کراچی، محمد ندیم ولد شہاب الدین مہاجر سکنہ کراچی، محمد رضوان ولد منظور احمد قوم میر عالم کراچی، مصور عباس ولد منظور احمد مہاجر لیاقت آباد کراچی، محمد وارث ولد مبارک اردو سپیکنگ نیو کراچی، فیضان ولد فہیم قوم صابری سکنہ کراچی، دلشاد ولد مشتاق احمد قریشی سکنہ لیاقت آباد کراچی، کوچ ڈرائیور نجیب احمد براہوئی اور بلال احمد ولد جاوید قوم میر عالم سکنہ لالوکیت کراچی شامل ہیں زخمیوں سے چار افراد کی حالت نازک بتائی جاتی ہے ہسپتال میں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج کے لئے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا پولیس و دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے جائے وقوعہ پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا شواہد اکٹھے کئے مزید تحقیقات جاری ہیں۔

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلات کے علاقے نیمرغ میں کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ اور قابل نفرت (بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 2 پر)

دہشتگردی قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ معصوم اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ایک ناقابل معافی جرم ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ اس حملے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ایک ناقابل تلافی قومی نقصان ہے جس پر پوری قوم سوگوار ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کہا کہ فتنہ الہندکی دہشتگرد تنظیمیں پہلے شناخت کی بنیاد پر حملے کرتی رہی ہیں مگر اب وہ اندھا دھند عام شہریوں کو نشانہ بنا رہی ہیں جس سے یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ یہ جنگ ہر پاکستانی کے خلاف ہے انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ یہ حملے دراصل پاکستان کے اتحاد، سلامتی اور امن کے خلاف اعلانِ جنگ ہیں جنہیں ہم ہر قیمت پر ناکام بنائیں گے وزیراعلیٰ نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ دریں اثناء ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ قلات کے علاقے نیمرغ میں کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر فائرنگ کے افسوسناک واقعہ میں تین مسافر شہید جبکہ سات زخمی ہوئے ہیں ترجمان کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی سیکیورٹی ادارے، ضلعی انتظامیہ اور ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں شروع کر دی گئیں۔ زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال قلات منتقل کیا گیا تاکہ متاثرہ افراد کو بروقت اور بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں شاہد رند نے بتایا کہ سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو مکمل طور پر گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے اور حملہ آوروں کا تعاقب جاری ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس واقعے کی مکمل تحقیقات کر رہی ہے اور ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا ترجمان حکومت بلوچستان نے شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ساتھ ہی یقین دلایا ہے کہ دہشتگردی کے ایسے بزدلانہ واقعات سے عوام کے حوصلے پست نہیں کیے جا سکتے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

DAILY ZAMANA
روزنامہ زمانہ کوئٹہ
بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین
جلد 80 | جمعرات 17 جولائی 2025ء، 21 محرم الحرام 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 192

# وزیراعلیٰ بلوچستان: بے گناہ افراد کو نشانہ بنانا ناقابل معافی جرم ہے

## نمرغ میں کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت

## یہ حملے دراصل پاکستان کے اتحاد، سالمیت اور امن کے خلاف اعلانِ جنگ ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلات کے علاقے نمرغ میں کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ اور قابل نفرت دہشتگردی قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ معصوم اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ایک ناقابل معافی جرم ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ اس حملے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ایک ناقابل تلافی قومی نقصان ہے جس پر پوری قوم سوگوار ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ فتنہ الہند کی دہشتگرد تنظیمیں پہلے ... بنیاد پر حملے کرتی رہی ہیں مگر اب وہ اندھا دھند عام شہریوں کو نشانہ بنا رہی ہیں جس سے یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ یہ جنگ ہر پاکستانی کے خلاف ہے انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ یہ حملے دراصل پاکستان کے اتحاد، سالمیت اور امن کے خلاف اعلان جنگ ہیں جنہیں ہم ہر قیمت پر ناکام بنائیں گے وزیراعلیٰ نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 9

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی مولانا عبدالکریم

بیاد جمیل الرحمن

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 76 | جمعرات 17 جولائی 2025ء، 21 محرم الحرام 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 305

# معصوم اور بیگناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ناقابل معافی جرم ہے، سرفراز بگٹی

فتنہ الہند کی دہشتگرد تنظیمیں پہلے شناخت کی بنیاد پر حملے کرتی رہی ہیں مگر اب وہ اندھا دھند عام شہریوں کو نشانہ بنا رہی ہیں جس سے یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ یہ جنگ ہر پاکستانی کے خلاف ہے، یہ حملے دراصل پاکستان کے اتحاد، سالمیت اور امن کے خلاف اعلان جنگ ہیں

جنہیں ہم ہر قیمت پر ناکام بنائیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے قلات کے علاقے نرمغ میں کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور ایک بزدلانہ اور قابل نفرت دہشتگردی قرار دے دیا

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلات کے علاقے نرمغ میں کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

اور قابل نفرت دہشتگردی قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ معصوم اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ایک ناقابلِ معافی جرم ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ اس حملے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ایک ناقابلِ تلافی قومی نقصان ہے جس پر پوری قوم سوگوار ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کہا کہ فتنہ الہند کی دہشتگرد تنظیمیں پہلے شناخت کی بنیاد پر حملے کرتی رہی ہیں مگر اب وہ اندھا دھند عام شہریوں کو نشانہ بنا رہی ہیں جس سے یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ یہ جنگ ہر پاکستانی کے خلاف ہے انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ یہ حملے دراصل پاکستان کے اتحاد، سالمیت اور امن کے خلاف اعلانِ جنگ ہیں جنہیں ہم ہر قیمت پر ناکام بنائیں گے وزیراعلیٰ نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 15

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 28 | جمعرات 17 جولائی 2025ء | 21 محرم الحرام | 1447ھ | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 10 روپے | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ بی سی بی-10 | شمارہ 148

# بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کیلئے بیرونی قوتیں مسلسل سرگرم ہیں، سرفراز بگٹی

## آواران میں بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کے خلاف پاک افواج کی بروقت اور دلیرانہ کارروائی قوم کے لیے باعثِ فخر ہے

## فتنہ الہند کی دہشتگرد تنظیمیں پہلے شناخت کی بنیاد پر حملے کرتی رہیں اب وہ اندھا دھند عام شہریوں کو نشانہ بنا رہی ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب خفیہ آپریشن پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کے خلاف پاک افواج کی بروقت اور دلیرانہ کارروائی قوم کے لیے باعث فخر ہے یہاں جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف یہ آپریشن نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے امن و استحکام کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کے لیے بیرونی قوتیں مسلسل سرگرم ہیں تاہم ہماری سیکیورٹی فورسز ان سازشوں کو بار بار ناکام بناتی آئی ہیں اور یہ تسلسل جاری رہے گا انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی سرزمین پر دشمن کے ناپاک عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے پاک فوج کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور قربانی کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک دشمن عناصر کے خلاف جنگ آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہے گی۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلات کے علاقے نرمخ میں کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ اور قابل نفرت دہشتگردی قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ معصوم اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ایک ناقابل معافی جرم ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ اس حملے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ایک ناقابل تلافی قومی نقصان ہے جس پر پوری قوم سوگوار ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کہا کہ فتنہ الہند کی دہشتگرد تنظیمیں پہلے شناخت کی بنیاد پر حملے کرتی رہی ہیں مگر اب وہ اندھا دھند عام شہریوں کو نشانہ بنا رہی ہیں جس سے یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ یہ جنگ ہر پاکستانی کے خلاف ہے انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ یہ حملے دراصل پاکستان کے اتحاد، سلامتی اور امن کے خلاف اعلان جنگ ہیں جنہیں ہم ہر قیمت پر ناکام بنائیں گے وزیر اعلیٰ نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 17 JUL 2025 Page No. 11


## 5 سال میں 80 ہزار سے زائد شناختی کارڈ بلاک کیے گئے، فہرست میں بلوچستان دوسرے نمبر پر

وزارت داخلہ

**بیشتر افغان باشندے صوبہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں مقیم ہیں اس لیے وہاں ضبط کیے گئے شناختی کارڈز کی تعداد زیادہ ہے، طلال چوہدری**

اسلام آباد (طاہر خلیل) وزارت داخلہ کے مطابق ملک میں گذشتہ پانچ سال کے دوران 80 ہزار سے زائد شناختی کارڈ بلاک کیے گئے ہیں۔ فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں سب سے زیادہ شناختی کارڈ صوبہ خیبر پختونخوا سے بلاک یا ضبط کیے گئے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق صوبہ خیبر پختونخوا سے ضبط یا بلاک کیے گئے شناختی کارڈز کی تعداد 28 ہزار 645 ہے جبکہ صوبہ بلوچستان اس فہرست میں دوسرے نمبر پر ہے جہاں 21 ہزار 839 شناختی کارڈ ضبط یا بلاک کیے گئے ہیں۔ اس حوالے سے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے مطابق کہ چونکہ بیشتر افغان باشندے صوبہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں مقیم ہیں اس لیے وہاں ضبط کیے گئے شناختی کارڈز کی تعداد زیادہ ہے۔ قومی شناختی کارڈ صرف پاکستانی شہریوں کو جاری ہوتا ہے، افغان شہری اگر یہ کارڈ رکھتے ہیں تو وہ جعلی یا غیر قانونی ہیں اور انہیں ضبط یا منسوخ کیا جاتا ہے۔ وزارت داخلہ کے مطابق شناختی کارڈ مختلف وجوہات کی بنیاد پر ضبط کیے گئے ہیں جن میں جعلی دستاویزات کا ہونا، شہریت کی تصدیق نہ ہونا یا قانونی پیچیدگیاں شامل ہیں۔

## اعلیٰ تعلیم اور فنی تربیت قومی ترقی کی کنجی ہے، وفاقی وزیر بحری امور

**نوجوانوں کو ترقی کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے، جنید انوار چوہدری کی بات چیت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ اعلیٰ تعلیم اور فنی تربیت قومی ترقی کی کنجی ہے وزارت بحری امور گوادر کے نوجوانوں کو ترقی کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر یونیورسٹی اور پاک چائنا انسٹیٹیوٹ کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے میری ٹائم سے متعلق شعبہ جات میں تدریس کے لیے اپنی اور وزارت کے افسران کی رضاکارانہ خدمات فراہم کرنے کی پیشکش کی وفاقی وزیر نے پرو وائس چانسلر کی جانب سے اجاگر کیے گئے مسائل پر متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مسائل کا جلد از جلد حل نکالا جائے اس موقع پر گوادر پورٹ کے چیئرمین نورالحق بلوچ اور وفاقی پارلیمانی وفد بھی ان کے ہمراہ تھا اس موقع پر پاک چائنا انسٹیٹیوٹ میں اعلیٰ سطح کا اجلاس بھی ہوا جس کی صدارت وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری نے کی اجلاس میں گوادر یونیورسٹی کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد نے ادارے کی کارکردگی جاری ترقیاتی منصوبوں، فیکلٹی کی موجودہ صورتحال اور تعلیمی معیار کے حوالے سے بریفنگ دی جسے وفد نے سراہا اور ادارے کی مجموعی پیشرفت کو مثبت قرار دیتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ وزارت بحری امور اور دیگر متعلقہ ادارے انسٹیٹیوٹ کو ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## صحبت پور کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے، میر سلیم کھوسہ

**ضلع میں سیلاب کی وجہ سے مسائل بڑھ گئے جن کے حل کیلئے تمام ممکن اقدامات اٹھائیں گے**

فرید آباد (آن لائن) صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے اپنی رہائش گاہ میں عوام کے مسائل سنے اور انہیں حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی کھوسہ ہاؤس صحبت پور میں صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے مختلف آئے ہوئے عوام کے مسائل سنے اور انہیں فوری طور پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی اس موقع پر صوبائی ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر مواصلات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ ضلع صحبت پور کے مسائل زیادہ ہیں انشاء اللہ تعالیٰ تمام مسائلوں کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے ہمارا ضلع سیلاب زدہ ضلع ہے اس لیے مسائل زیادہ ہیں عوام کے مسائل حل کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہیں دو روز قبل بھی تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوا تھا بہت سے نقصانات ہوئے ہیں۔

## بے گناہ مسافروں کو شہید کرنا بدترین دہشتگردی ہے، صوبائی وزراء و اراکین اسمبلی

**یہ انسانیت سوز و المناک واقعات ہیں جو بھی ملک اس طرح دہشت گردوں کو سپورٹ کر رہا ہے وہ ملک خود دہشت گرد ہے' صادق عمرانی' سردار کھیتران**

**اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیمیں اس ملک کیخلاف کارروائی کریں اور پابندی عائد کریں، پاکستان نے ہمیشہ امن کی بات کی ہے، میر شعیب نوشیروانی**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی نے قلات پر ایک بار پھر سنگین دہشت گردی کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح واقعات انسانیت سوز واقعات ہے جو بھی ملک اس طرح دہشت گردوں کو سپورٹ کر رہی ہے وہ ملک خود دہشت گرد ہے اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیمیں اسے ممالک کے خلاف کارروائی کریں اور ان پر پابندی عائد کیا جائے پاکستان ایک پرامن آزاد اور خود مختار ملک ہے جس نے ہمیشہ امن کی بات کی ہے یہ بات صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی' صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن ......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

کھیتران' صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی' پارلیمانی سیکرٹری برائے جنگلات سردار مسعود لونی' حاجی محمد خان طور اتمان خیل ودیگر نے واقعہ سے متعلق مذمتی بیان جاری کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ اس وقت پورے ملک اور خاص کر بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے بعض عناصر نہیں چاہتے کہ یہ خطہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکے

## بلوچستان ترقی کے زینے طے کرتے ہوئے جلد مثالی صوبہ بنے گا، بخت محمد کاکڑ

**بلوچستان کی مخلوط حکومت صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے**

**محکمہ صحت کو مزید بہتر بنانے کیلئے کوئی کسر باقی نہیں چھوڑیں گے، صوبائی وزیر صحت**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی مخلوط صوبائی حکومت صوبے کے ترقی و خوشحالی کیلئے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے جس کے بہتر نتائج برآمد ہونا شروع ہوئے ہیں بلوچستان جلد ترقی کے زینے طے کرتے ہوئے ایک مثالی صوبہ بنے گا ہم ورک کے تحت محکمہ صحت کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کیلئے اپنی ذمہ داریوں کو پوری کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑیں گے' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات ......... بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر

چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ قدرت نے بلوچستان کو معدنیات' ساحل و وسائل' وسیع رقبے کی صورت میں ہر طرح کی دولت سے مالا مال کیا ہے بلوچستان میں کسی چیز کی کمی نہیں ہے اگر کمی ہے تو وہ توجہ کی ہے' موجودہ صوبائی حکومت بلوچستان کو مکمل توجہ دے رہی ہے اور بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے

MASHRIQ QUETTA

## قلات حملہ میں ملوث عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، نور محمد دمڑ

**حکومت بلوچستان عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لئے کوئی کسر باقی نہیں چھوڑے گی**

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ نے قلات میں بس پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قلات میں مسافر بس پر بہیمانہ حملہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ایسے واقعات میں ملوث عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا بے گناہ لوگوں کے خون سے آلودہ ہاتھ جلد قانون کی ......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

گرفت میں ہوں گے، ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت بلوچستان کے امن کو خراب کرنے کی سازشیں کی حکومت بلوچستان عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لئے کوئی کسر باقی نہیں چھوڑے گی، انہوں نے کہا کہ حکومت اور پاک فوج نے ملک اور بلوچستان سے دہشتگردی کا مکمل خاتمہ کرنے کیلیے دہشتگردی کرنے میں ملوث دہشت گردوں اور انکے سہولت کاروں کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن کر رہی ہیں

## قلات میں مسافر کوچ پر فائرنگ بزدلانہ دہشتگردی ہے، مینا مجید

**بے گناہ اور نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا درندگی کی بدترین مثال ہے، صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے قلات کے علاقے نمرغ میں کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر اندھا دھند فائرنگ کے واقعے کو انتہائی افسوسناک، بزدلانہ اور انسانیت سوز دہشتگردی قرار دیتے ہوئے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں محترمہ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ بے گناہ اور ......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا درندگی کی بدترین مثال ہے اور ایسی بزدلانہ کارروائیاں ملک دشمن عناصر کے مذموم عزائم کو ظاہر کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معصوم جانوں کا ضیاع پوری قوم کے لیے ایک ناقابل برداشت سانحہ ہے جس پر دل خون کے آنسو روتا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 17 JUL 2025 Page No. 12


## بلوچستان کے لوگ کھیلوں سے پیار، دہشت گردی سے نفرت کرتے ہیں، راحیلہ درانی

### کوئٹہ میں فٹ بال گولڈ کپ کا انعقاد خوش آئند ہے، مینا مجید و دیگر کی صحافیوں سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، مشیر کھیل مینا مجید، سیکرٹری سپورٹس بلوچستان درا بلوچ اور ڈی جی سپورٹس یاسر بازئی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹ بال گولڈ کپ کا انعقاد خوش آئند ہے، شائقین نے بڑی تعداد میں گراونڈ میں آ کر یہ ثابت کر دیا ہے کہ صوبے کے عوام کھیلوں سے پیار اور دہشت گردی سے نفرت کرتے ہیں، ٹورنامنٹ کے دوران نوجوانوں کو فٹ بال کے بہترین میچ دیکھنے کو ملیں گے، ٹورنامنٹ میں شرکت کرنے والی ٹیموں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے ایوب سپورٹس کمپلیکس فٹ بال گراونڈ میں پانچویں آل پاکستان

بقیہ نمبر 3 صفحہ 5 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹ بال گولڈ کپ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر آصف فاروقی، کامران خورشید، اسسٹنٹ ڈائریکٹر آصف لانگو اور محکمہ کھیل کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اور خاص کر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا وژن ہے کہ نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ کھیلوں کی طرف راغب کیا جائے تاکہ وہ منفی سرگرمیوں سے دور رہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں آل بلوچستان فٹ بال کپ کے انعقاد سے دوسرے صوبوں کو امن کا پیغام جائے گا اور دنیا کو پتہ چلے گا کہ بلوچستان کے عوام دہشت گردی سے نفرت اور کھیلوں سے پیار کرتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 17 JUL 2025 Page No. 13


## سرمایہ کاری میں آسانی کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں، چیف سیکرٹری

**بوستان سپیشل اکنامک زون میں بجلی، پانی اور دیگر بنیادی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، اجلاس**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت بوستان سپیشل اکنامک زون کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا گیا اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے صوبائی حکومت فعال اقدامات اٹھا رہی ہیں تاکہ ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کا اعادہ کیا ہے۔ صوبے میں کاروباری ماحول کو بہتر بنانے اور سرمایہ کاری میں آسانی پیدا کرنے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی، پانی، اور دیگر بنیادی سہولیات کو بہتر بنا کر اکنامک زونز کو فعال کیا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد پاکستان میں بیرونی اور ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینا معیشت کی ترقی کو مضبوط کرنا، اور کاروباری ماحول کو سرمایہ کاروں کے لیے دوستانہ بنانا ہے۔ اجلاس میں سیکرٹری انڈسٹریز خالد سرپرہ اور وائس چیئرمین بی بی او آئی ٹی بلال کاکڑ نے شرکت کی۔


MASHRIQ QUETTA


## حکومت نے سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنیکا اعادہ کیا ہے، چیف سیکرٹری

**سرمایہ کاری کیلئے آسانیاں، بجلی، پانی و بنیادی سہولیات کو بہتر بنا کر اکنامک زونز کو فعال کیا جارہا ہے، شکیل قادر خان**

**بوستان میں 5 سے 10 میگاواٹ سولر انرجی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ وہاں کے صنعتی منصوبے فعال ہوں**

**اقدامات کا مقصد پاکستان میں بیرونی اور ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینا، معیشت کی ترقی کو مضبوط کرنا ہے، اظہار خیال**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت بوستان سپیشل اکنامک زون کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے صوبائی حکومت فعال اقدامات اٹھا رہی ہیں تاکہ ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دیا جا سکے۔ انہو......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کا اعادہ کیا ہے۔ صوبے میں کاروباری ماحول کو بہتر بنانے اور سرمایہ کاری میں آسانی پیدا کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی، پانی، اور دیگر بنیادی سہولیات کو بہتر بنا کر اکنامک زونز کو فعال کیا جارہا ہے تاکہ سرمایہ کاری کا ماحول سازگار ہو۔ بوستان اکنامک زون میں سڑکیں وغیرہ مکمل کیے ہیں گیس کی پائپ لائن بچھا دی گئی ہے اور رواں سال ریل کی کنیکٹیویٹی بھی مکمل کی جائے گی اس کے علاوہ صوبائی حکومت نے بوستان اکنامک زون کے لئے بجلی کی فراہمی کے لیے بھی منظوری دی ہے جس کے تحت 5 سے 10 میگا واٹ سولر انرجی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ وہاں کے صنعتی منصوبے فعال ہوں۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 17 JUL 2025

Page No. 14

# کوئٹہ شہر میں انتظامی بہتری کیلئے موثر اقدامات کرینگے، کمشنر کوئٹہ ڈویژن

شہر کو ٹریفک، کچرے، نکاسی آب اور دیگر بڑے مسائل کا سامنا ہے ان کے حل کیلئے نو پارکنگ زون اور دیگر منصوبوں پر تیزی سے کام کر رہے ہیں

غیر قانونی ٹو ڈی سروس کو قانون کے دائرے میں لائیں گے، مسافروں، لوکل بس مالکان اور دوسرے ٹرانسپورٹرز کے مسائل بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے

صوبائی دارالحکومت میں صفائی، ٹریفک، پارکنگ، تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کے مسائل کے حل کیلئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی نمائندہ وفود سے ملاقاتیں

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت تاجر برادری کے مسائل کے حل کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن ریٹائرڈ مہر اللہ بادینی، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ، صدر مرکزی انجمن تاجران رحیم کاکڑ، جنرل سیکرٹری یاسین مینگل کے علاوہ دیگر تاجران تنظیم کے عہدے داران بھی موجود تھے اجلاس میں کوئٹہ شہر میں نو پا.........

بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

رکنگ زون میں خریداروں اور تاجران کے مشکلات، کاروباری سرگرمیوں میں کمی، عبدالستار روڈ کی بندش، میکانگی روڈ پر کچرہ کنڈی، سڑکوں پر تعمیراتی ملبے، کوڑا کرکٹ اور پارکنگ کے حوالے سے مسائل زیر غور لائے گئے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تاجران کے تمام مسائل اور مشکلات پر غور و خوض کیا جائے گا اس کے علاوہ شہر میں نو پارکنگ کچرا کنڈی اور ٹریفک کے نظام کی بہتری کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے کہا کہ شہر میں ٹریفک کے سنگین مسائل درپیش ہیں ان کے خاتمے کے لیے نو پارکنگ زون اور دیگر منصوبوں پر تیزی سے اقدامات کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر کو ٹریفک، کچرے، نکاسی آب اور دیگر بڑے مسائل کا سامنا ہے۔ نو پارکنگ زون کے حوالے سے فیصلہ صوبائی کابینہ نے کیا ہے اس حوالے سے متبادل نظام کے بغیر کوئی فیصلہ نہیں کیا جائے گا لہذا نو پارکنگ زون پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ شہر کے مرکزی کاروباری مراکز میں ٹریفک کے مسائل درپیش ہیں ان کے حل کے لیے اقدامات ناگزیر ہیں۔ عوام اور تاجروں کے تعاون اور اعتماد سے قابل فہم حل تلاش کریں گے۔ شہر میں گاڑیوں کی پارکنگ سب سے بڑا مسئلہ ہے متبادل انتظام کے بغیر نو پارکنگ زون کو ختم نہیں کر سکتے ہیں

# گوادر میں اعلیٰ تعلیم اور فنی مہارت کے فروغ میں تعاون کرینگے، جنید انوار چوہدری

پاک چائنا انسٹیٹیوٹ کے میری ٹائم شعبے میں وزارت بحری امور کے آفیسران کی رضاکارانہ خدمات کی پیشکش

دورے کے دوران ادارے کو اسٹاف سے متعلق و دیگر درپیش مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات کی منظوری دی

گوادر (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انوار چوہدری نے پارلیمانی وفد کے ہمراہ گوادر یونیورسٹی اور پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹیٹیوٹ کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے دونوں اداروں کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور .........

بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

تدریسی و انتظامی امور پر بریفنگ حاصل کی۔ پاک چائنا انسٹیٹیوٹ میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت بھی کی، جس میں گوادر یونیورسٹی کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر منظور احمد بلوچ نے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں تعلیمی ترقی، ٹیکنیکی سے متعلق مسائل اور مقامی طلبہ کو جدید فنی تربیت فراہم کرنے جیسے اہم امور زیر بحث آئے۔ وفاقی وزیر نے گوادر میں اعلیٰ تعلیم اور فنی مہارت کے فروغ کو قومی ترقی کے لیے ناگزیر قرار دیتے ہوئے، مکمل سرکاری تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے انسٹیٹیوٹ میں میری ٹائم شعبے سے متعلق تدریس کے لیے اپنی اور وزارت کے افسران کی رضاکارانہ خدمات فراہم کرنے کی پیشکش بھی کی۔ پرو وائس چانسلر نے اجلاس میں ادارے کو درپیش مسائل اور اسٹاف سے متعلق مشکلات وفاقی وزیر اور پارلیمانی وفد کے سامنے پیش کیں، جن پر وفاقی وزیر نے مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کی منظوری دی۔

# حملہ آوروں کا تعاقب جاری، سرچ آپریشن شروع کر دیا، شاہد رند

دہشتگردی کے بزدلانہ واقعات سے عوام کے حوصلے پست نہیں ہونگے

کوئٹہ (خ ن) ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ قلات کے علاقے نمرغ میں کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر فائرنگ کے افسوسناک واقعہ میں تین مسافر شہید ہوئے ہیں ترجمان کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی سیکیورٹی ادارے، ضلعی انتظامیہ اور ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں شروع کر دی.........

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

گئیں۔ زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال قلات منتقل کیا گیا تاکہ متاثرہ افراد کو بروقت اور بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں شاہد رند نے بتایا کہ سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو مکمل طور پر گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے اور حملہ آوروں کا تعاقب جاری ہے

## بلوچستان: فورسز کا آواران میں آپریشن، 3 دہشتگرد ہلاک، میجر شہید

بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود برآمد، آئی ایس پی آر، میجر سید ربنواز طارق شہید کو خراج عقیدت، کامیاب آپریشن امن و استحکام کیلئے سنگ میل ہے، وزیراعلیٰ بگٹی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آواران میں سیکورٹی فورسز کا ٹارگٹڈ آپریشن فائرنگ کے تبادلے میں انڈین پراکسی، فتنہ الہندوستان کے تین دہشت گرد ہلاک جبکہ میجر نواز شہید ہوگئے فورسز نے ٹھکانے کو مسمار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود قبضے میں لے لیا جبکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے امن و استحکام کے لیے ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ دہشت گردوں نے آواران میں دہشت گردی کا منصوبہ بنایا ہے جس پر گزشتہ روز سیکورٹی فورسز نے آواران میں ٹارگٹڈ آپریشن کیا دہشت گردوں نے فورسز کو دیکھتے ہی شدید فائرنگ شروع کردی تاہم سیکورٹی فورسز نے بھی جوابی کارروائی کی فائرنگ کا تبادلہ ایک گھنٹے تک جاری رہا فائرنگ میں تین دہشت گرد ہلاک جبکہ میجر ربنواز شہید ہوگئے اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو مکمل گھیرے میں لے کر شہید کی میت ہسپتال منتقل کی سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مسمار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ وگولہ بارود قبضے میں لے لیا جبکہ۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے آواران میں دہشت گرد تنظیم فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر ٹارگٹڈ آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ فائرنگ کے تبادلے میں تین بھارتی اسپانسرڈ دہشت گرد واصل جہنم ہو گئے تاہم شدید فائرنگ کے تبادلے میں میجر سید ربنواز طارق نے دشمن کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کی۔ شہید میجر اپنے دستے کی قیادت فرنٹ لائن سے کر رہے تھے۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ علاقے میں کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے تاکہ کسی بھی چھپے دہشتگرد کو ختم کیا جا سکے، پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملک سے بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں اور ہمارے بہادر سپاہیوں کی قربانیاں اس عزم کو مزید مضبوط بناتی ہیں دریں اثنا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب خفیہ آپریشن پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کے خلاف پاک افواج کی بروقت اور دلیرانہ کارروائی قوم کے لیے باعث فخر ہے۔

## کوئٹہ، جعلی اسناد اور ریکارڈ میں ٹیمپرنگ، بورڈ آفس کے 5 افسران اور طالبعلم گرفتار

طالب علم سعید اللہ نے افسران کی ملی بھگت سے جعلی مارکس شیٹ پر میڈیکل کی سیٹ حاصل کی، تحقیقات شروع، جلد مزید گرفتاریوں کا امکان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اینٹی کرپشن بلوچستان نے بورڈ آفس میں جعلی اسناد اور ریکارڈ میں ٹیمپرنگ کرنے پر پانچ افسران اور ایک طالب علم کو گرفتار کر لیا مزید گرفتاریوں کا امکان ہے۔ اینٹی کرپشن ذرائع کے مطابق اینٹی کرپشن بلوچستان نے بلوچستان ہائی کورٹ کے حکم نامہ بابت سی پی نمبر 2025/533 میں انکشاف ہوا ڈسٹرکٹ واشک کے طالب علم سعید اللہ ولد لال جان نے بولان میڈیکل کالج میں داخلہ حاصل بلوچستان بورڈ آفس کے بعض افسران کے ساتھ ملی بھگت کر کے جعلی اور ٹیمپر شدہ مارکس شیٹ/ڈگری حاصل کی جس پر عدالت عالیہ نے اینٹی کرپشن کو مکمل تحقیقات کا حکم دیا، ذرائع نے بتایا کہ ڈی جی اینٹی کرپشن عبدالواحد کاکڑ نے تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی جس نے تمام ریکارڈ حاصل کر کے متعلقہ افسران کے بیانات قلمبند کیے اور مکمل انکوائری رپورٹ تیار کر کے عدالت عالیہ میں پیش کی رپورٹ میں ثابت ہوا کہ طالبعلم سعید اللہ نے جعلی مارکس شیٹ کے ذریعے میرٹ پر داخلہ حاصل کیا، جبکہ اصل مارکس شیٹ میں اس کے نمبر کم تھے، رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ بورڈ آفس کے افسران نے اختیارات کے ناجائز استعمال، اعتماد شکنی، جعلسازی اور ریکارڈ ٹیمپرنگ میں کلیدی کردار ادا کیا۔

## ریئل اسٹیٹ سیکٹر میں سرمایہ کاری کرنیوالے نادہندگان کیخلاف کارروائی کا آغاز

کوئٹہ میں 385 رہائشی اور 249 کمرشل جائیدادوں کے خریدار فہرست میں شامل ہیں، ایف بی آر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے صوبے بھر میں ریئل اسٹیٹ سیکٹر میں سرمایہ کاری کرنے والوں کیخلاف کارروائی کا آغاز کر دیا، ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے تمام فیلڈ فارمیشنز کو ہدایت کی ہے کہ 2024ء، 2023ء سال کے درمیان ان افراد کیخلاف کارروائی کا آغاز کریں جو نادہندہ ہیں اور انہوں نے جائیدادوں کی خرید و فروخت کی ہے ان کیخلاف انکم ٹیکس آرڈیننس 2002 کے تحت کارروائی شروع کریں ایف بی آر ذرائع کے اعداد و شمار کے مطابق یہ سرمایہ کاری تین سو ارب سے زائد کی کمرشل، رہائشی زرعی زمینوں میں کی گئی ہے ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں 385 رہائشی اور 249 کمرشل جائیدادوں کے خریداروں کے نام فہرست میں شامل ہیں جبکہ گوادر، خضدار، لورالائی، ژوب، سبی اور دیگر شہروں کے اس کے علاوہ ہیں ذرائع نے بتایا کہ ٹیکس دہندگان اور باقاعدگی سے گوشوارے جمع کروانے والوں کو نوٹس جاری نہیں کیے جائیں گے جبکہ نادہندہ خریداروں کو انکم ٹیکس آرڈیننس 2002 کے سیکشن 114(4) اور 116 کے تحت نوٹس جاری کیے جائیں گے۔

## کوئٹہ: ڈی سی کی زیرنگرانی کھلی کچہری، عوامی مسائل پر احکامات جاری

عوام کی ضلعی انتظامیہ تک براہ راست رسائی کیلئے یہ سلسلہ ہر ماہ جاری رہیگا، مہراللہ بادینی

کوئٹہ (ن ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی کی زیرنگرانی ڈی سی آفس کوئٹہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے اپنے مختلف مسائل سے انتظامیہ کو آگاہ کیا۔ کھلی کچہری میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، اسسٹنٹ کمشنر چلتن، اسسٹنٹ کمشنر سٹی، محکمہ واسا، پی ایچ ای، کیسکو، سوئی گیس، پی پی ایچ آئی، میٹروپولیٹن کارپوریشن، پولیس، صنا کوئٹہ، ڈی ایچ او، محکمہ تعلیم، سی اینڈ ڈبلیو، ٹریفک پولیس، نادرا، تحصیلداران، رجسٹرار، سب رجسٹرار، فوڈ اتھارٹی سمیت ڈی سی آفس کے تمام برانچ انچارجوں نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے بجلی، گیس، پانی، صفائی، شناختی کارڈ، ٹریفک، صحت، تعلیم اور ریونیو سمیت مختلف مسائل سے متعلق درخواستیں پیش کیں، جنہیں ڈپٹی کمشنر نے موقع پر ہی سنا اور متعلقہ افسران کو فوری اقدامات اور حل کے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کا کہنا تھا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوامی مسائل کو براہ راست سننا اور ان کا بروقت حل یقینی بنانا ہے۔ یہ عمل ہر ماہ جاری رہے گا تاکہ عوام کو ضلعی انتظامیہ تک بلاواسطہ رسائی حاصل ہو اور ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جا سکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 17 JUL 2025 Page No. 16

## خوف کا ماحول توڑنے کیلئے میدان میں نکلنے کی ضرورت ہے، ہدایت الرحمٰن بلوچ

**اسلام آباد لانگ مارچ مسائل کے حل کا راستہ، ہر ضلع کے لوگ شامل ہوں گے، خطاب و گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ لانگ مارچ 25 جولائی بلوچستان کے عوام کے لیے مایوسی کی بجائے پرامن جمہوری اور [illegible] احتجاج کی ضرورت ہے، خوف کے ماحول کو توڑنے کے لیے میدان میں نکلنے کی ضرورت ہے۔ مظالم لاقانونیت درندگی باڈر بندش بے روزگاری بدامنی بدعنوانی اور غربت سے عوام نوجوان تاجر تنگ آگئے ہیں اسلام آباد لانگ مارچ مسائل کے حل کا راستہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں مختلف تقاریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ریاست/اسلام آباد کے حکمرانوں کی ظلم وستم کے خلاف کوئٹہ سے اسلام آباد لانگ مارچ میں ہر ضلع کے لوگ شامل ہوں گے ریاستی مظالم ومسائل کی لوٹ مار لاقانونیت عروج پر پہنچ گئی ہے ہر طرف فورسز ریاستی اداروں میں جانب سے عوام خواتین وبزرگوں کی تذلیل ہورہی ہے چیک پوسٹوں بارڈرز ساحل کو منافع بخش کاروبار بنادیا گیا ہے آمدن قومی خزانے کے بجائے ریاستی اداروں کے چند افراد کے جیبوں واکاونٹ میں جارہی ہے۔

## حکومت صوبے میں امن وامان کے قیام میں ناکام ہوچکی، نیشنل پارٹی

**عوام کے بنیادی حقوق غصب، صوبے کی مختلف شاہراہیں نوگو ایریا بن گئی ہیں، ترجمان**

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کے امن و امان کو موجودہ حکومت نے جس نااہلی کے ساتھ برباد کیا ہے اس کی تاریخ میں نظیر نہیں ملتی، ایک طرف عوام کے بنیادی حقوق کو پامال کیا جارہا ہے تو دوسری طرف عوام کی جان و مال کو جرائم پیشہ افراد کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، بلوچستان میں سفر کرنا محال ہو چکا ہے، این ٹی ڈیرہ مراد جمالی نیشنل ہائی وے، بختیار آباد تا بھاگ، نوتال تا گنداوا و روڈز عملاً عوام کے لیے نوگو ایریاز بن چکے ہیں حکومتی رٹ اور امن قائم کرنے والے سیکیورٹی ادارے چند جرائم پیشہ افراد کا قلع قمع کرنے کی صلاحیت مکمل طور پر کھو چکے ہیں، نیشنل پارٹی اس امر کو بھی المیہ سمجھتی ہے کہ آج تک کسی جرائم پیشہ افراد کو امن قائم کرنے والے اداروں نے قانون کی گرفت میں نہیں لیا اور نا ہی ان کے خلاف کوئی جامع حکمت عملی اپناتے ہوئے عملی ایکشن لیا گیا ہے۔

## مہنگائی کے ستائے عوام پر مسلسل بوجھ ڈالا جارہا ہے، مولانا لونی

**حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرکے عوام کو ریلیف دے، بیان**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت نظریاتی پاکستان کے مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری جہم خان ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی نائب امیر مولانا عزیز احمد شاہ اسروئی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا ہے کہ حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرکے عوام کو ریلیف دے پیٹرول اور ڈیزل کی عالمی منڈی میں بے انتہا قیمتیں کم ہونے کے باوجود ملک میں آئے روز قیمتیں بڑھ رہی ہیں مہنگائی کے ستائے عوام پر مسلسل بیروزگاری اور مہنگائی کا بوجھ ڈالا جارہا ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات پیٹرول اور ڈیزل پر لیوی 60 فیصد سے بڑھا کر 70 فیصد کردیا ہے آئی ایم ایف کا بوجھ عوام پر ڈال رہی ہیں حکمران طبقہ کو اپنی مراعات اور پرتعیش زندگی کی فکر ہے۔

## بلوچستان شہداء فورم کو فعال اور موثر بنایا جارہا ہے، جمال رئیسانی

**شہید سیکورٹی اہلکاروں، سرکاری ملازمین اور شہریوں کے ورثاء کی امداد و مالی اعانت کی جائیگی**

کوئٹہ (ط ن) بلوچستان میں دہشت گردی اور مختلف سانحات میں شہید ہونے والے سیکورٹی اہلکاروں، سرکاری ملازمین اور شہریوں کے ورثاء کی امداد و بحالی کے لیے بلوچستان شہداء فورم کو فعال اور موثر بنایا جارہا ہے فورم کے سرپرست اعلیٰ رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کی کاوشوں سے قائم کیا گیا یہ فورم شہداء کے خاندانوں کے لیے امید کی نئی کرن ہے جو نہ صرف مالی معاونت بلکہ مختلف سطحوں پر عملی تعاون بھی فراہم کررہا ہے بلوچستان شہداء فورم کے سیکرٹریٹ کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہداء کے ورثاء کو مختلف سرکاری اداروں سے متعلقہ مالی امداد دلوانے، شہداء کی بیواؤں کی شادی، بچوں کی تعلیم و علاج، اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے جیسے اہم امور میں فورم بھرپور معاونت کررہا ہے، انہوں نے کہا کہ "ہم اپنے شہداء کو نہیں بھولے، یہ فورم ان کی قربانیوں کو ہمیشہ زندہ رکھنے کا عہد ہے۔

## جمعیت کو صوبے میں بھرپور عوامی تائید حاصل ہے، مولانا واسع

**صوبے کو مسائل اور مشکلات کی دلدل سے نکالنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، بیان**

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام واحد جماعت ہے جو اس وقت صوبے کے تمام اقوام کی نمائندگی کررہی ہے، جماعت کو صوبے کی طول وعرض میں بہترین عوامی تائید حاصل ہے، ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے جمعیت علماء اسلام سے منسلک ہے، صوبے کی قبائل کی بھی اہم نمائندہ جماعت جمعیت علماء اسلام ہی ہے ہمارے اکابرین نے صوبے کی کونے کونے میں جہاں اسلام کی اشاعت و سربلندی کیلئے نامساعد حالات میں جدوجہد کی وہی امن وامان کی تشویشناک صورتحال میں وطن عزیز کا پیغام بھی پہنچایا ہے، ہم نے لسانیت اور منافرت کی زد میں صوبے عوام کو یکجہتی اور پاکستانیت کا درس دیا ہے صوبے کے عوام کو تاریک راستوں کے مسافر بننے سے بچائے رکھا ہے، اس راہ میں ہم نے بیش بہا قربانیاں دی ہے، ہمارے سیکڑوں قائدین نے قربانیاں دی ہے اور یہی جماعت صوبے کو مسائل اور مشکلات کی دلدل سے نکالنے کی اہلیت اور صلاحیت رکھتی ہے۔

## حکومت عوام کے بنیادی مسائل کے حل پر توجہ دے، پشتونخوانیپ

**لوڈشیڈنگ نے زندگی اجیرن بنادی، نصراللہ زیرے، غیر قانونی الاٹمنٹ کیخلاف زیارت میں جرگہ ہوگا**

کوئٹہ (پ ر): پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی آفس سیکریٹری ندا شنکر اور صوبائی ڈپٹی سیکریٹری حمداللہ بڑیچ نے تحتانی اول، تحتانی دوم، محمودینہ، پشتون آباد کے علاقائی ایگزیکٹیوز کے الگ الگ اجلاسوں اور سپر افغان فقیر آباد، علاقائی یونٹ سریاب میں بالا فقیر آباد کے زیر اہتمام نئے ابتدائی یونٹ کے قیام کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک منظم اور نظریاتی سیاسی جماعت کے کارکن ہی عوام کی ملی نجات کی تحریک میں ہراول دستے کا کردار ادا کرسکتے ہیں۔ اجلاسوں اور اجتماعات سے ضلع اطلاعات سیکریٹری نور آغا درانی، ضلع معاون سیکریٹری محمد رسول ترین، علاقائی سیکریٹری امین اللہ کاکڑ، علاقائی معاون سیکریٹریز عبدالرزاق ملاخیل، نذیر احمد اچکزئی، قربان بگٹی اور دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ جنوبی پشتونخوا سمیت اس دو قومی صوبے میں اقوام وعوام کی پدری زمینوں کی غلط الاٹمنٹ وقبضہ گری کسی صورت قابل قبول نہیں اور اسی طرح ضلع زیارت میں صنوبر کے تاریخی جنگل، زرخیز زمینوں اور پہاڑی سلسلوں کے 1 لاکھ 70 ہزار ایکڑ سے زائد زمین کی الاٹمنٹ کسی صورت قابل قبول نہیں، پشتونخوانیپ کے زیر اہتمام ضلع زیارت میں ہونے والی بوگس اور جعلی الاٹمنٹ کے خلاف 8 اگست 2025 کو نمائندہ عوامی جرگہ ہوگا اس جرگے میں تمام سیاسی جمہوری پارٹیوں، مختلف مکتبہ فکر کے تنظیموں، قبائلی معتبرین، علماء کرام سمیت زمیندار، طلباء، وکلاء، ٹرانسپورٹرز، مزدور، سول سوسائٹی سمیت ہر مکتبہ فکر کے لوگ شریک ہونگے۔

## دہشتگرد مذموم عزائم کیلئے معصوم مسافروں کو نشانہ بنارہے ہیں، حسنین ہاشمی

**قلات، ژوب سمیت دیگر واقعات میں ملوث عناصر کے خلاف مربوط کاروائی عمل میں لائی جائے، بیان**

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سید حسنین ہاشمی نے بلوچستان میں قومی شاہراہوں پر نہتے اور معصوم مسافروں پر پے در پے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگرد اپنے مذموم عزائم کے حصول کے لیے معصوم مسافروں کو نشانہ بنارہے ہیں، قلات، ژوب سمیت دیگر واقعات میں ملوث عناصر کے خلاف مربوط کاروائی عمل میں لائی جائے۔ بیان میں سید حسنین ہاشمی نے کہا کہ بلوچستان میں قومی شاہراؤں پر دہشتگردوں کی جانب سے نہتے مسافروں کو نشانہ بنانا انسانیت سوز قابل مذمت عمل ہے اس عمل کا مقصد بلوچستان اور پاکستان کو غیر مستحکم اور غیر محفوظ بنانا ہے جس میں وہ کسی صورت کامیاب نہیں ہونگے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 17 JUL 2025 Page No. 17


## بزدل دشمن بے گناہ مسافروں کو نشانہ بنا کر امن کو سبوتاژ کرنا چاہتا ہے۔علی مدد جتک

### مسافروں کو نشانہ بنانے والے دراصل اپنے غیر ملکی آقاؤں کی خوشنودی حاصل کرنا چاہتے ہیں

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے قلات میں بس پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ بزدل دشمن معصوم اور بے گناہ مسافروں کو نشانہ بنا کر امن وامان کو سبوتاژ کرنا چاہتا ہے۔حاجی علی مدد جتک نے اپنے بیان میں کہا کہ معصوم مسافروں کو نشانہ بنانے والے.........

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

عناصر دراصل اپنے غیر ملکی آقاؤں کی خوشنودی حاصل کرنا چاہتے ہیں اور بلوچستان میں ترقی اور استحکام کے سفر کو روکنے کی سازش کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے غیور عوام ایسے دشمنوں کو منہ توڑ جواب دیں گے جو یہاں کے پرامن ماحول کو خراب کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں۔عوام کی جدوجہد امن، استحکام اور ترقی کی جانب گامزن ہے اور دشمن کبھی بھی اس راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتا۔رکن اسمبلی نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان اور پاکستان پیپلز پارٹی شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کی شریک ہے اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔

## پے در پے خونی واقعات حکومت کی ناکامی ہے، امان اللہ کنرانی

### حکومتی غیر موثر انتظامی عملداری و سیکورٹی ذمہ داران کی کوتاہی قابل گرفت ہونی چاہیے

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے قلات کے قریب قومی شاہراہ پر عام مسافر بس پر بلا جواز فائرنگ و بے گناہ شہریوں کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے اس واقعہ کو سنگین مجرمانہ فعل قرار دیا ہے جو صوبے میں بتائے باہمی و انسانی اقدار کے خلاف ہے ہماری دعا ہے اللہ تعالیٰ شہداء کی مغفرت و زخمیوں کو جلد صحت.........

بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

یاب فرمائے صوبے میں پے در پے خونی واقعات حکومت کی ناکامی و غیر موثر انتظامی عملداری و سیکورٹی فورسز کی کوتاہی قابل گرفت ہونی چاہیے مجرموں کے خلاف کارروائی سمیت شاہراہوں کی حفاظت میں حکومتوں و متعلقہ سیکورٹی اداروں کی غفلت پر بھی کارروائی کی ضرورت ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullot No. 4

Dated: 17 JUL 2025

Page No. 18

# قلات، کراچی سے کوئٹہ جانیوالی بس پر فائرنگ 3 مسافر جاں بحق، 13 زخمی

ہزار گنجی میں بم دھماکہ، خاتون سمیت 3 زخمی

مسلح افراد نیمرغ کے مقام پر گھات لگائے بیٹھے تھے، بس پر دستی بم بھی پھینکا، زخمی کوئٹہ منتقل، ہزار گنجی میں فورسز کی گاڑیوں کو ریموٹ کنٹرول بم سے نشانہ بنایا گیا

**حملے پاکستان کے اتحاد، سالمیت اور امن کیخلاف اعلان جنگ ہیں، ہر قیمت پر ناکام بنائینگے، وزیراعلیٰ، صوبائی وزراء اور سیاسی جماعتوں کا اظہار مذمت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قلات کے مقام پر قومی شاہراہ پر کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر مسلح افراد کی فائرنگ دستی ........ (باقی صفحہ 3 نمبر 46)

بم حملے 3 میں باپ بیٹے سمیت 3 مسافر جاں بحق جبکہ ڈرائیور سمیت 13 مسافر زخمی ہو گئے جبکہ کوئٹہ ہزار گنجی کراس پر موٹر سائیکل میں نصب بم دھماکہ خاتون سمیت تین افراد زخمی ہو گئے، سیکورٹی فورسز نے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کی مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ اور قابل نفرت دہشتگردی قرار دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق قلات کے علاقے نیمرغ میں قومی شاہراہ پر گھات لگائے مسلح افراد نے گزشتہ روز کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر شدید فائرنگ کرتے ہوئے دستی بم حملے کئے جس کے نتیجے میں تین مسافر احمد حسین ولد بشیر احمد سکنہ کراچی، محمد رضا ولد احمد حسین سکنہ کراچی اور آصف ملک ولد عطا محمد موقع پر ہی جاں بحق اور حیدر ولد مطلوب مہاجر کراچی، عمران ولد بشیر قوم دھالہ سکنہ کراچی، منظر عباس مسرور عباس کراچی، محمد ثاقب ولد بلال مہاجر کراچی، فیصل ولد بشیر مہاجر سکنہ کراچی، محمد ندیم ولد شہاب الدین مہاجر سکنہ کراچی، محمد رضوان ولد منظور احمد قوم میر عالم کراچی، مسرور عباس ولد منظور احمد مہاجر لیاقت آباد کراچی، محمد وارث ولد مبارک نیو کراچی، ایشان ولد فہیم قوم صابری سکنہ کراچی، دلشاد ولد مشتاق احمد قریشی سکنہ لیاقت آباد کراچی، کوچ ڈرائیور [illegible] احمد براہوئی اور بلال احمد ولد جاوید قوم میمن عالم [illegible] سمیت کراچی شدید زخمی ہو گئے، اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا جہاں چار زخمیوں کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے ہسپتال میں لاشوں اور زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کر دیا گیا جبکہ کوئٹہ کے علاقے ہزار گنجی ٹرک اڈہ کے قریب نامعلوم افراد نے سیکورٹی فورسز کو نشانہ بنانے کیلئے موٹر سائیکل میں ریموٹ کنٹرول نصب کیا تھا گزشتہ شام سیکورٹی فورسز کی گاڑیاں جیسے ہی وہاں سے گزریں تو بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں ایک راہگیر خاتون اور دو ٹرک ڈرائیور باج علی ولد مبارک علی اور عبدالقادر ولد محمد ہاشم زخمی ہو گئے اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا۔ دریں اثناء ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ قلات کے علاقے نیمرغ میں کراچی سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر فائرنگ کا واقعہ کے بعد سرکاری ادارے، ضلعی انتظامیہ اور ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال قلات منتقل کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مسافر کوچ پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ اور قابل نفرت دہشتگردی قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ معصوم اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ایک ناقابل معافی جرم ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔

کوئٹہ (جنگ نیوز) صوبائی وزراء اور سیاسی جماعتوں نے قلات میں مسافر بس پر حملے اور بے گناہ شہریوں کی شہادت ...... (باقی صفحہ 3 نمبر 47)

کی شدید مذمت کی ہے، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ ایسے بزدلانہ حملے میں ملوث عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں اور ان سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ واقعے کے فوری بعد قلات اور کوئٹہ کے تمام بڑے ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی تھی اور زخمیوں کے علاج و معالجے کی مکمل نگرانی خود کر رہا ہوں۔ صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے واقعے کو انتہائی افسوسناک، بزدلانہ اور انسانیت سوز دہشتگردی قرار دیتے ہوئے کہا کہ بے گناہ اور نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا درندگی کی بدترین مثال ہے اور ایسی بزدلانہ کارروائیاں ملک دشمن عناصر کے مذموم عزائم کو ظاہر کرتی ہیں۔ صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ ایسے واقعات میں ملوث عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا بے گناہ لوگوں کے خون سے آلودہ ہاتھ جلد قانون کی گرفت میں ہونگے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ ایسے واقعات کسی صورت قابل قبول نہیں ہے، عام و بے گناہ افراد کو نشانہ بنانے کی کسی بھی معاشرے میں مثال نہیں ملتی۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا کہ قلات میں مسافر کوچ پر حملہ افسوسناک ہے بلوچستان میں ہونے والی بدامنی دن بدن بڑھتی جا رہی ہے جو حکومت شہریوں کو تحفظ نہ دے سکے، اسے حکمرانی کا کوئی حق نہیں۔ جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی، حاجی عبدالصادق لونی و دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ یہ واقعہ حکومت کی امن و امان قائم کرنے میں مکمل ناکامی کا واضح ثبوت ہے۔ معصوم شہریوں کا خون بہایا جانا انتہائی قابل مذمت عمل ہے جو کسی بھی مہذب معاشرے میں قابل قبول نہیں۔ جمعیت نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی و دیگر رہنماؤں نے کہا کہ نہتے مسافروں کو نشانہ بنانے والے انسانیت کے دشمن کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

## استامحمد، ماموں نے 20 سالہ بھانجی کو قتل کر دیا

استامحمد (نامہ نگار) 20 سالہ بھانجی کا ماموں کے ہاتھوں قتل، ملزم گرفتار، تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ ہاجی بیلہ کے حدود میں واقع گوٹھ احمد آباد میں ماموں نے سیاہ کاری کے الزام میں اپنی 20 سالہ بھانجی آسیہ کو مبینہ طور پر گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ پولیس نے ملزم عبدالغفار کھوسو کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

## کچلاک، پہاڑی سے پرانی لاش برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیو کچلاک جلوگیر کے پہاڑی سے پرانی لاش برآمد ہوئی شناخت کیلئے سول ہسپتال کے مردہ خانہ میں رکھ دی گئی پولیس کے مطابق نیو کچلاک کا سب انسپکٹر سجاد احمد منگل کی شب دیگر عملے کے ہمراہ معمول کی گشت پر تھا اسے اطلاع ملی کہ جلوگیر کے پہاڑی علاقے میں لاش پڑی ہوئی ہے موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لے کر ہسپتال پہنچائی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش شناخت کیلئے رکھ دی گئی، پولیس نے بتایا کہ لاش کافی پرانی ہے جو گل سڑ گئی ہے نامعلوم افراد تشدد کرنے کے بعد قتل کر کے لاش پہاڑی علاقے میں پھینک کر فرار ہو گئے مقدمہ درج کر کے کیس سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ منتقل کر دیا گیا۔

## بیلہ: چھینی گئی گاڑی برآمد، 2 ملزمان گرفتار

بیلہ (نامہ نگار) ایس ایچ او بیلہ وحید علی مسی نے قومی شاہراہ این 25 پر واقع چیک پوسٹ کے قریب سنیپ چیکنگ کے دوران کراچی سے چھینی گئی شہزور گاڑی برآمد کر کے دو افراد فیروز مینگل سکنہ وڈھ اور اسلام بلوچ ساکن حب حال اسد چوک حب کو گرفتار کر لیا موچکو پولیس تھانہ کراچی کی حدود سے گن پوائنٹ پر چھینی گئی شہزور گاڑی اندرون بلوچستان منتقل کی جا رہی تھی بیلہ پولیس نے ہر دو ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کے عمل کا آغاز کر دیا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## ہزار گنجی میں دھماکہ، خاتون سمیت 3 زخمی

**موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے کی آواز دور تک سنائی دی**

**پولیس، بم ڈسپوزل اسکواڈ اور سیکورٹی فورسز کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں**

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے نواحی علاقے ہزار گنجی میں مری کیمپ کے قریب مین شاہراہ پر سڑک کے کنارے کھڑے موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے ......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

خاتون سمیت 3 راہ گیر زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے نواحی علاقے ہزار گنجی کے قریب مین شاہراہ پر نامعلوم ملزمان کی جانب سے دہشت گردی کی غرض سے موٹر سائیکل میں دھماکہ خیز مواد نصب کیا گیا تھا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں قریب سے گزرنے والی خاتون مسماۃ حوری بی بی سمیت 3 راہ گیر باج علی اور عبدالقادر سکنہ مری کیمپ زخمی ہو گئے۔

## چمن لیویز نے چوری و منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا

**ملزمان سے ہیروئین وشیشہ، مسروقہ موٹر سائیکل، ٹیوب ویل بٹن، وائر وغیرہ برآمد**

چمن (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر حبیب بنگلزئی صاحب کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر امتیاز علی بلوچ کے سربراہی میں چمن ہائی پاس لیویز تھانے کی انچارج رفعدار تاج محمد نے لیویز فورس کے ہمراہ چمن کے مختلف علاقوں میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث چھوٹا خان کو گرفتار کر کے ایک عدد مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی ......... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

تفتیش کے دوران موٹر سائیکل چوری کی مختلف وارداتوں کی اعتراف بھی کیا۔ جبکہ کالج روڈ، گھوڑا ہسپتال چوک اور دیگر علاقوں میں منشیات فروشی کے اڈوں پر چھاپے کے دوران تین منشیات فروش عصمت، صلاح الدین اور نظر محمد کو گرفتار کر کے جن کے قبضے سے ہیروئین، شیشہ، چوری کا سامان ٹیوب ویل بٹن، وائر وغیرہ برآمد کر لی۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 17 JUL 2025 Page No. 18

# ایئرپورٹ روڈ، عالمو بائی پاس، نواں کلی کے علاقوں میں کتوں کی بھرمار، عوام پریشان

**موٹر سائیکل، سائیکل سوار اور پیدل چلنے والوں کیلئے عالمو بائی پاس خطرناک بن چکے ہیں، مولوی باری خلجی**

**روڈ پر شہریوں کے کاٹنے کے کئی واقعات رونما ہو چکے ہیں، تاجر نقیب اللہ کاکڑ، میٹروپولیٹن کارپوریشن کتا مار مہم کا آغاز کرے**

**عالمو بائی پاس روڈ پر جب ایک دکاندار تندور سے روٹی لاتا ہے تو راستے میں کتے ان سے روٹی چھین لیتی ہے، اکثر کتے بھوک افلاس اور**

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ شہر و نواحی علاقوں میں آوارہ کتوں کی بہتات، متعدد علاقوں میں کتوں کے کاٹنے کی شکایات سب سے زیادہ نواں کلی کوتوال اور خصوصاً عالمو بائی پاس روڈ شدید متاثر ہے، جہاں دن اور رات کو شہریوں پر کتے حملہ آور ہو رہے ہیں، تاجر نقیب اللہ کاکڑ نے بتایا ہے کہ اس علاقے میں مین سڑک پر کئی بار کتوں نے سودا سلف لینے والوں پر حملہ کیا اور کاٹا گیا ہے، دن کے وقت بھی کتوں کی باقاعدہ دو پارٹیاں بنی ہوتی ہے، ایک پارٹی ایئر پورٹ روڈ کے قصائیوں کے قریب گھوم پھر رہا ہے جبکہ دوسری پارٹی نواں کلی جانے والی عالمو بائی پاس پر موجود ہوتی ہے، جب ایئر پورٹ روڈ پر موجود کتوں کی پارٹی عالمو بائی پاس روڈ پر آتی ہے تو یہاں کتے آپس میں ایک دوسرے پر حملہ کر کے کوئی شخص اس راستے پر گزر نہیں سکتا ہے، مولوی باری خلجی، حنیف خان ناصر، رحمت اللہ کاکڑ و دیگر نے بتایا ہے ماضی میں گرمیوں کے چہلم سے قبل ہی کتا مار مہم شروع کیا جاتا تھا سخت گرمی میں ہمیشہ کتے بھولے بن کر شہریوں کو کاٹتے ہیں اور یہی



پاگل کتوں سے انسانی جانوں کے ضیاع کا بھی خطرہ ہے، انہوں نے بتایا کہ عالمو بائی پاس روڈ پر جب ایک دکاندار تندور سے روٹی لاتا ہے تو راستے میں کتے ان کے ہاتھ سے روٹی چھین کر لے جاتی ہے، کتوں کی بھرمار اور بھولے ہونے کا خدشہ تو الگ ہے لیکن یہاں اکثر و بیشتر کتے

بھوک، افلاس اور پیاس کی وجہ سے ذہنی توازن کھو بیٹھتے ہیں جس کے بعد انہیں پاگل کتے ہیں کہا جاتا ہے یقیناً وہی کتے انسانوں کیلئے خطرناک بن جاتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ رواں بجٹ صوبائی حکومت نے بہترین بجٹ قرار دیتے ہوئے عوام کے توقعات پر پورا اترنے کا بڑا دعویٰ کیا ہے لیکن اب تک اسی بجٹ

کے ثمرات غریب، تاجر اور عام شہری تک نہیں پہنچ پائے، انہوں نے کہا کہ ایئر پورٹ روڈ، نواں کلی عالمو بائی پاس کا میٹرو پولیٹن کارپوریشن حکام وزٹ کرکے فوری طور پر اس شاہراہ کو کتوں سے صاف کرائی جائے۔ انہوں نے بتایا کتوں کی بھرمار کی وجہ سے اس سڑک پر لوگ دن کو بھی سفر نہیں کر سکتے ہیں تو جب رات کو اندھیرا چھا جاتا ہے۔ اس سڑک پر گزرنا محال ہوگا یقیناً متعدد شکایات موصول ہوئے ہیں کہ سڑک پر صرف گاڑیاں ہی بغیر خوف کے جا سکتی ہیں لیکن موٹر سائیکل، سائیکل سوار اور پیدل چلنے والوں کیلئے عالمو بائی پاس خطرے کی گھنٹی ہے، انہوں نے سنگین



نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان سے نوٹس لینے کی اپیل کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں ویٹرنری افسر سے رابطہ قائم کیا کوئی جواب موصول نہیں ہوا ہے۔ شہریوں نے بذریعہ اخبار متعلقہ افسر سے نوٹس لینے اور فوری طور پر کتا مار مہم شروع کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 17 JUL 2025 Page No. 2

# Public healthcare crisis

Balochistan continues to grapple with a worsening healthcare crisis that casts a long and troubling shadow over the daily lives of its citizens. Despite the allocation of billions of rupees annually to the provincial health sector, the situation on the ground—particularly in government-run hospitals, including those in provincial capital Quetta—paints a grim picture of systemic neglect, chronic underfunding, and administrative inefficiency. Across the province, the condition of public health facilities remains deplorable. Patients from remote and underserved regions are often forced to travel hundreds of kilometers in search of medical care, only to encounter a complete absence of basic services upon arrival. Essential medicines—painkillers, antibiotics, and life-saving injections—are frequently unavailable. Even basic diagnostic tools are missing from many hospitals. In desperation, patients turn to private clinics, but the high cost of treatment places it out of reach for most low-income families. A stark example of this crisis is Quetta's Sandeman Civil Hospital, the province's largest and oldest public medical institution. Despite catering to thousands of patients daily, the hospital faces an acute shortage of qualified doctors, nurses, and paramedical staff. There is also a critical lack of hospital beds, functional critical care units, and emergency medical supplies. The hospital's deteriorating infrastructure, outdated medical equipment, and unsanitary conditions further compromise an already fragile healthcare system. This dismal reality raises urgent questions about the effectiveness and transparency of health sector governance in Balochistan. Disconnect between financial input and service delivery suggests either a failure of oversight or gross misappropriation of funds. Citizens are increasingly and justifiably asking: Where is this money going, if not towards improving public health? To halt further deterioration, the provincial government must act with urgency and determination. This includes the hiring and retention of skilled medical professionals, offering them adequate compensation, ongoing training, and a safe, fair working environment. Furthermore, resource distribution must be equitable, ensuring rural areas receive their fair share of services and infrastructure. Equally critical is the setting up of a robust accountability mechanism to monitor the use of funds, ensure transparency, and penalize negligence as well as corruption. Without such oversight, the cycle of inefficiency and public distrust will continue. The people of Balochistan—especially those living in distant, underserved areas—deserve an adequate healthcare system. Otherwise thousands of lives would remain at higher risk and eroding what little trust remains in state institutions.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 17 JUL 2025 Page No. 21


## چیف سیکرٹری بلوچستان کے وژنری اقدامات: بہتر گورننس کے تابندہ نقوش

پاکستان کی سول بیوروکریسی میں بعض افسران اپنی اعلیٰ انتظامی صلاحیتوں، دیانت داری اور وژنری قیادت کے باعث ایک جداگانہ شناخت رکھتے ہیں۔ انہی ممتاز شخصیات میں ایک نام چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کا ہے، جنہوں نے جہاں بھی خدمات انجام دیں، وہاں گورننس پر خصوصی توجہ دی اور بہتر گورننس کے تابندہ نقوش چھوڑے بطور چیف

**تحریر: شیخ عبدالرزاق**

سیکرٹری بلوچستان، شکیل قادر خان نے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے اصلاحاتی ایجنڈے کو عملی شکل دیتے ہوئے مختلف شعبہ جات میں نمایاں بہتری متعارف کرائی۔ ان کی زیر نگرانی صوبائی انتظامیہ نے ایسے اقدامات کیے جن کے اثرات نہ صرف اداروں میں بہتری کی صورت میں ظاہر ہوئے، بلکہ عام شہری کی روزمرہ زندگی میں بھی بہتری کے اشاریے نمایاں طور پر محسوس کیے جاسکتے ہیں۔ تعلیم کے شعبے میں انقلابی تبدیلی کا مظہر یہ ہے کہ بلوچستان میں صرف ایک سال کے مختصر عرصے میں 3200 ایسے اسکول دوبارہ فعال کیے گئے جو برسوں سے بند تھے۔ یہ اعداد و شمار ان ہزاروں بچوں کی امیدوں کا احیاء ہیں جو تعلیمی مواقع سے محروم تھے۔ اسی طرح شعبہ صحت میں بھی تاریخی اقدامات دیکھنے کو ملے۔ صوبے کے وہ دیہی اور پسماندہ علاقے، جہاں قیام پاکستان کے بعد سے آج تک کسی ڈاکٹر نے قدم نہ رکھا تھا، وہاں پہلی مرتبہ نہ صرف طبی عملہ پہنچا بلکہ علاج معالجے کی سہولیات بھی فراہم کی گئیں۔ مالیاتی نظم و نسق میں اصلاحات کا دائرہ بھی غیر معمولی ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی وژنری قیادت اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی متحرک رہنمائی میں محکمہ خزانہ بلوچستان کو جدید خطوط پر استوار کیا گیا ایک انقلابی اقدام کے تحت محکمہ خزانہ میں ایک خصوصی اسپیشلسٹ ونگ تشکیل دیا گیا ہے جو مالیاتی امور کے ماہرین پر مشتمل ہے۔ ان ماہرین کا انتخاب شفاف اور مسابقتی عمل کے ذریعے نجی شعبے سے کیا گیا ہے، تاکہ وہ بجٹ تجزیہ، مالیاتی تحقیق، پالیسی سازی اور وسائل کی بہتر تقسیم میں حکومت کی معاونت کریں۔ اس ماڈل کے تحت محکمہ خزانہ کو دو علیحدہ بازوؤں — ایک بیوروکریٹک اور دوسرا ٹیکنیکل — میں تقسیم کر دیا گیا ہے، تاکہ روایتی رکاوٹوں سے ہٹ کر



زیادہ مؤثر، تیز رفتار اور ڈیٹا پر مبنی فیصلے ممکن ہو سکیں۔ یہ ماڈل نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لیے ایک قابل تقلید مثال ہے۔ ان کے بقول، اب مالیاتی پالیسی سازی میں سائنسی اور تجزیاتی بنیادوں پر فیصلے ممکن ہوں گے، جس کے نتیجے میں نہ صرف ترقیاتی منصوبہ بندی مؤثر ہوگی بلکہ عوامی خدمات کی فراہمی میں بھی واضح بہتری آئے گی۔ یہ تمام اقدامات وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی اس پالیسی کا حصہ ہیں جس کا مقصد نتائج پر مبنی اصلاحات کے ذریعے گورننس کو شفاف، مؤثر اور پائیدار بنانا ہے چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی انتظامی بصیرت ہی نتیجہ ہے کہ صوبائی حکومت نے غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی اور ترقیاتی منصوبوں کی رفتار میں اضافہ جیسے چیلنجز سے نمٹنے میں غیر معمولی پیش رفت کی ہے۔ انہوں نے بیوروکریسی کو صرف فائلوں کی حد تک محدود رکھنے کے بجائے میدان عمل میں متحرک کیا اور ہر سطح پر جوابدہی اور شفافیت کی فضا کو فروغ دیا۔ آج بلوچستان ایک ایسے دور سے گزر رہا ہے جہاں تبدیلی محض دعووں تک محدود نہیں بلکہ اعداد و شمار، منصوبوں، اور زمینی حقائق کی صورت میں نظر آتی ہے۔ اس سفر میں شکیل قادر خان جیسے باصلاحیت اور فرض شناس افسران کی خدمات کسی اثاثے سے کم نہیں۔ ان کی قیادت نے صوبے میں نظم و نسق کی بحالی، عوامی اعتماد کی واپسی اور ایک مؤثر و فعال ریاستی ڈھانچے کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کیا ہے بلوچستان کی تاریخ ان کے دور خدمات کو ایک روشن باب کے طور پر محفوظ رکھے گی — ایک ایسا باب جس میں خلوص، دیانت، وژن اور عوام دوستی کے نقوش نمایاں ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 Dated: 17 JUL 2025 Page No. 22


# میرٹ، شفافیت اور خدمت — وزیر اعلیٰ بلوچستان کی پالیسیوں کی عملی تصویر


رپورٹ: ڈویژنل انفارمیشن آفس سبی


وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں قائم صوبائی حکومت کی میرٹ اور شفافیت پر مبنی پالیسیوں نے بلوچستان میں ایک نئی انتظامی روایت کی بنیاد رکھی ہے۔ انہی پالیسیوں کے عملی مظاہر میں ایک روشن مثال ڈپٹی کمشنر سبی، جہانزیب شیخ کا دورِ تعیناتی ہے، جن کے تبادلے کے موقع پر شہر بھر میں ان کی بے لوث خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔

جہانزیب شیخ کا دور نہ صرف انتظامی کامیابیوں سے بھرپور رہا بلکہ اس دوران عوام کو حقیقی سہولتوں کی فراہمی، فوری انصاف، شفاف فیصلے اور ترقیاتی عمل میں تیزی جیسے عناصر نے ایک مثالی نظم و نسق کو جنم دیا۔ ان کا اندازِ قیادت وزیر اعلیٰ کی اس پالیسی سے ہم آہنگ تھا جو عوامی خدمت کو ہر فیصلے کا مرکز بناتی ہے۔

ڈپٹی کمشنر جہانزیب شیخ ایک نرم گفتار، درد دل رکھنے والے اور عوام دوست افسر کے طور پر پہچانے گئے۔ ان کا دفتر ہمہ وقت عوام کے لیے کھلا رہا، اور "کھلی کچہریوں" کے تسلسل نے شہریوں کو ان تک براہِ راست رسائی دی۔ یہ تقریبات رسمی نہیں تھیں، بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے عوامی مسائل کے فوری حل کی کوششیں تھیں — جو وزیر اعلیٰ کی ہدایات کے عین مطابق "ریاست عوام کے لیے" کی حقیقی تعبیر ہیں۔

ان کے دور میں انصاف، دیانت اور میرٹ کو ہر سطح پر اولیت حاصل رہی۔ ہر فیصلہ — خواہ وہ تبادلہ ہو، ترقیاتی منصوبہ یا انتظامی معاملات — شفافیت کے اصولوں پر کیا گیا۔ یہی وہ رہنما اصول ہیں جن پر موجودہ صوبائی حکومت پورے اعتماد سے عمل پیرا ہے۔ جہانزیب شیخ نے اپنے عمل سے ثابت کیا کہ اگر قیادت نیک نیتی پر مبنی ہو تو نظام بدل سکتا ہے، عوام کا اعتماد بحال ہو سکتا ہے۔





انہوں نے نہ صرف ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا بلکہ ان پر خود نگرانی کرتے ہوئے کام کی رفتار اور معیار یقینی بنایا۔ خاص طور پر تعلیم و صحت جیسے شعبے ان کی توجہ کا مرکز رہے۔ اسکولوں اور بنیادی مراکز صحت کے مسلسل دورے، محلے سے براہ راست ملاقات اور مسائل کا فوری حل ان کی عملی انتظامی حکمت عملی کا حصہ تھا، جس نے ان شعبوں میں بہتری کو ممکن بنایا۔

ضلع میں مختلف کوآرڈینیشن کمیٹیوں کے فیصلوں پر عملدرآمد میں وہ ذاتی دلچسپی لیتے، اور افسران کو واضح ہدایت دیتے کہ کوئی کام تاخیر کا شکار نہ ہو۔ ان کی یہی انتظامی سوچ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن سے مطابقت رکھتی ہے، جہاں "کارکردگی ہی قابلیت کا معیار" ہے۔

روانگی کے دن بھی ان کی خدمت کا جذبہ ماند نہ ہوا۔ شہری اور ادارے ان کے طرزِ انتظام، ان کی انتظامی مہارت اور عوام دوستی کا روشن ثبوت ہیں۔ یہ اقدام محض ایک انتظامی تقرر نہیں تھا، بلکہ ایک وژن، ایک رہنمائی اور سوچ تھی جو ہر سطح پر عوامی سہولت کے لیے بروئے کار لانے پر یقین رکھتی ہے۔

ہم ان کی رخصتی پر غمزدہ ضرور ہیں، لیکن ان کی قائم کردہ روایت، مضبوط نظم و ضبط اور عوامی خدمت کے روشن اصول سبی کے لیے ایک روشن مثال اور آنے والے افسران کے لیے مشعل راہ ہیں۔ عوامی، سماجی اور انتظامی حلقوں نے ان کی خدمات کو نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھا اور امید ظاہر کی کہ ان کے جانشین بھی وزیر اعلیٰ کی پالیسیوں کو اپنا رہنما بناتے ہوئے خدمت کے سفر کو جاری رکھیں گے۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت، سلامتی اور مزید کامیابیاں عطا فرمائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No 6

Dated: 17 JUL 2025 Page No 23

# ڈی جی پی ڈی ایم بلوچستان جہانزیب خان کا قدرتی آفات سے نمٹنے میں مثالی کردار

تحریر، سلیمان خان ترین

بلوچستان پاکستان کا وہ خطہ ہے جو قدرتی آفات کا سب سے زیادہ شکار رہا ہے، چاہے وہ زلزلے ہوں، سیلاب، بارشیں، خشک سالی یا دیگر قدرتی سانحات۔ ایسے میں "پی ڈی ایم اے" یعنی صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی بلوچستان کی کارکردگی کئی حوالوں سے قابل تعریف اور توجہ طلب رہی ہے۔

گزشتہ برسوں میں شدید بارشوں اور سیلابی صورتحال میں ڈی جی پی ڈی ایم اے بلوچستان جہانزیب خان غوریزئی نے نہایت تیزی اور مستعدی کے ساتھ ریسکیو اور ریلیف آپریشنز شروع کیے۔ متاثرہ علاقوں میں فوری امدادی سامان، خیمے، خشک راشن، پینے کا صاف پانی، طبی امداد اور دیگر ضروری اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا۔ جہانزیب خان کی قیادت میں اس ادارے نے صوبے کے



دور دراز اور پسماندہ علاقوں تک پہنچ کر وہاں کے باسیوں کو بروقت سہولیات فراہم کیں۔

ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان نے ایمرجنسی مینجمنٹ سسٹم کو بہتر بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال بڑھایا۔ سیلائٹ امیجز، ایپلیکیشن کے ذریعے آفات کی پیشگی معلومات حاصل کی گئیں تاکہ نقصان کو کم سے کم کیا جا سکے۔

جہانزیب خان نے اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مقامی رضاکاروں، لیویز فورس، سول ڈیفنس اور ریسکیو ٹیموں کو تربیت فراہم کی، تاکہ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں بروقت اور مؤثر کارروائی کی جا سکے۔ ساتھ ساتھ مختلف فورمز پر آگاہی پروگرامز منعقد کیے تاکہ عوام کو قدرتی آفات سے بچاؤ اور ردعمل سے متعلق تربیت دی جا سکے۔

ڈی جی پی ڈی ایم بلوچستان جہانزیب خان نے اپنی ان تھک کوششوں سے بین الاقوامی اداروں کے ساتھ شراکت داری قائم کی جس کے ذریعے تکنیکی معاونت، فنڈنگ، اور عالمی معیار کی پالیسیوں کے نفاذ میں مدد ملی اس تعاون کے نتیجے میں بلوچستان میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے نظام کو مزید مستحکم کیا گیا ہے۔

ڈی جی پی ڈی ایم اے بلوچستان کی حالیہ کارکردگی صوبے میں آفات سے نمٹنے کے حوالے سے ایک روشن مثال ہے۔ اگر اس کارکردگی کو مزید مستحکم کیا جائے، فنڈنگ میں اضافہ اور مقامی کیپسٹی کو زیادہ فعال بنایا جائے، تو بلوچستان قدرتی آفات کے خطرات سے بہت حد تک محفوظ ہو سکتا ہے۔

ڈی جی پی ڈی ایم اے بلوچستان کی مؤثر کارکردگی اور عوامی خدمت کے جذبے کو دیکھتے ہوئے یہ وقت کی ضرورت ہے کہ حکومت بلوچستان اور وفاقی حکومت ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان کی کارکردگی اور خدمات کے اعتراف میں انہیں باضابطہ طور پر قومی اعزازات جیسے تمغہ امتیاز یا صدارتی حسن کارکردگی ایوارڈ سمیت تعریفی اسناد سے نوازے۔ اس سے نہ صرف ایک باصلاحیت آفیسر کی حوصلہ افزائی ہوگی بلکہ اس ادارے کا مورال بھی بلند ہوگا اور اس کی دیکھا دیکھی دیگر سرکاری اداروں اور آفیسران کو بھی یہ پیغام جائے گا کہ محنت، دیانتداری اور بحرانوں میں خدمت کا جذبہ قابل قدر ہے۔ اگر ایسے آفیسران کو سراہا جائے، تو نہ صرف ان کی کارکردگی مزید بہتر ہو سکتی ہے بلکہ عوام کا اعتماد بھی ریاستی نظام پر مزید مضبوط ہوگا۔

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ ڈی جی پی ڈی ایم اے بلوچستان جہانزیب خان نے حالیہ برسوں میں اپنی کارکردگی سے نہ صرف عوام بلکہ پالیسی سازوں کا بھی اعتماد حاصل کیا ہے۔ وہ نہ صرف بلوچستان



کے اندر قدرتی آفات میں پھنسے لوگوں کا سہارا بنے اور ان کی خدمت کی بلکہ پاکستان سے باہر بھی مصیبت میں پھنسے بلوچستانیوں کو بھی اپنی بساط کے مطابق مصیبت سے بچا کر اپنے ملک واپس لایا خاص طور پر گزشتہ سال کرغزستان کے شہر بشکیک میں جنگی صورتحال اور ہنگاموں کے باعث وہاں زیر تعلیم بلوچستان سے تعلق رکھنے والے طلباء اور طالبات جن کی اکثریت کا تعلق صوبے کے بلوچ بیلٹ سے تھا انہوں نے ذاتی تعلقات اور صلاحیتوں کو استعمال میں لا کر انہیں وہاں سے بحفاظت نکال کر کوئٹہ تک پہنچانے میں اپنا بے مثال کردار ادا کیا ان کے اس کردار کو آج بھی بلوچستان کے عوام نہیں بھولے اور ہنگاموں سے بحفاظت نکل کر واپس آنے والے طلباء اور ان کے والدین انہیں اچھے الفاظ میں یاد کرتے ہیں۔

ڈی جی پی ڈی ایم اے بلوچستان جہانزیب نے جہاں قدرتی آفات میں امداد و بحالی کے کاموں میں کھل کر فرنٹ مین کا کردار ادا کرتے آ رہے ہیں وہاں صوبے میں بدامنی کا سبب بننے والے محرکات میں بھی پس پردہ رہ کر اپنی صلاحیتیں بروئے بروئے کار لاتے ہوئے خصوصاً بلوچ یکجہتی کمیٹی کی رہنماء ڈاکٹر ماہرنگ بلوچ سے مذاکرات کیلئے رابطہ کاری کا معاملہ ہو یا سرکاری ملازمین کے احتجاج کو ختم کرانا ہو سمیت دیگر ایشوز پر انہوں نے عوامی مفاد میں بطور ایک باصلاحیت آفیسر ہمیشہ اپنا مثبت کردار ادا کیا۔ جہانزیب خان نہ صرف ایک سرکاری آفیسر بلکہ ایک بہترین اور اچھائی سرگرم سماجی کارکن بھی ہیں ان کی شخصیت اچھے اخلاق اور انسانی ہمدردی سے بھرپور ہے ان کے بارے میں ہر زبان زد عام ہے کہ مسائل اور پریشانی میں گھرا کوئی بھی شخص رات کے جس پہر بھی انہیں فون کرے وہ ضرور رسپانس دیتے ہیں اور اگر وہ بروقت فون نہ بھی اٹھا سکے تو بعد میں خود اس شخص کو کال بیک کرتے ہیں۔

اگرچہ انہیں بیرون ملک ہنگاموں میں پھنسے بلوچستان کے طلباء کو وطن واپس لانے اور کوئٹہ میں صفائی کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے میٹروپولیٹن کارپوریشن کو بھاری مشینری اور تربیت یافتہ افرادی قوت فراہم کرنے کے اعتراف میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی جانب سے انہیں تعریفی اسناد سے نوازا گیا مگر ضرورت اس امر کی ہے کہ بطور ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے صوبے قدرتی آفات، سیلاب اور طوفانی بارشوں میں مصیبت زدہ عوام اور متاثرہ علاقوں میں جس طرح انہوں نے اپنی بھرپور صلاحیتوں کا استعمال کیا اور خود کو ایک سرگرم و باصلاحیت آفیسر ثابت کیا ہے بلوچستان



حکومت اور وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی انہیں بھی خصوصی اعزاز سے نوازے تاکہ باصلاحیت آفیسران کی حوصلہ افزائی کا مشن جو وزیر اعلیٰ صاحب نے شروع کیا ہے وہ جاری و ساری رہے اگر جہانزیب خان جیسے مستعد، سرگرم اور باصلاحیت آفیسر کی سرکاری سطح پر حوصلہ افزائی ہوگی تو باقی آفیسران بھی اس کے نقش قدم پر چلیں گے۔ چونکہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس سے قبل سروس ڈیلیوری اور مفاد عامہ کے امور میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ڈپٹی کمشنر گوادر اور ڈپٹی کمشنر چاغی کو "حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ" سے نوازا ہے وزیر اعلیٰ نے دونوں افسران کی کارکردگی کو مثالی قرار دیا تھا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بھی یہی عزم ہے کہ عوامی خدمت، گڈ گورننس، اور ضلعی سطح پر سروس ڈیلیوری میں بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ایسے افسران جو اپنی ذمہ داریوں کو خلوص، دیانت اور پیشہ ورانہ قابلیت سے ادا کرتے ہیں، وہ قابل ستائش ہیں اور حکومت ان کی حوصلہ افزائی جاری رکھے گی۔

لہٰذا وزیر اعلیٰ بلوچستان جہانزیب خان جیسے باکردار، باصلاحیت اور محنتی آفیسر کے خدمات کے اعتراف میں انہیں ضرور یاد رکھنا چاہیے تاکہ ان کی مزید حوصلہ افزائی ہو واضح رہے کہ انہوں نے بطور ڈی جی پی ڈی ایم اے اپنی دو سالہ مدت میں بلوچستان کے کونے کونے کا دورہ کیا خصوصاً واشک خاران تربت گوادر اور مانڈہ نصیر آباد جعفر آباد ڈیرہ مراد جمالی جھل مگسی لورالائی قلعہ سیف اللہ موسیٰ خیل بارکھان کوہلو بی چمن قلعہ عبداللہ سمیت دیگر علاقوں میں خود پہنچے ورنہ قدرتی آفات میں پھنسے لوگوں کو نہ صرف نکالا بلکہ امدادی سامان بھی خود تقسیم کیا تاکہ کسی مستحق کی حق تلفی نہ ہو حالانکہ ماضی میں اسکی کوئی مثال نہیں ملتی اگلے پیش رو ٹھنڈے کمروں میں بیٹھ کر سب اچھا کی رپورٹ دیتے تھے لیکن اب انہوں ایسی قابل تقلید مثال قائم کر دی ہے کہ نئے آنے والے افسران کو بھی فیلڈ میں کام کرنا ہوگا کسی بھی حکومت کی کارکردگی کا دارومدار گڈ گورننس پر ہوتا ہے اور یہ اسی وقت ممکن ہے جب آپ جہانزیب خان جیسے افسران کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ صوبہ ترقی کر سکے اور پورے ملک میں بلوچستان کا مثبت امیج ابھار سکیں گے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 17 JUL 2025

Page No. 24


## غیر معمولی حالات اور ڈی جی پی ڈی ایم بلوچستان کا مثالی کردار


تحریر: سلیمان ترین


بلوچستان ایک عرصے سے قدرتی آفات کا شکار چلا آیا ہے ایسے میں "پی ڈی ایم اے" یعنی صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی بلوچستان کی کارکردگی کئی حوالوں سے قابل تعریف اور توجہ طلب رہی ہے۔ گزشتہ برسوں میں شدید بارشوں اور سیلابی صورتحال میں ڈی جی پی ڈی ایم اے بلوچستان جہانزیب خان غوریزئی نے نہایت تیزی اور مستعدی کے ساتھ ریسکیو اور ریلیف آپریشنز شروع کیے۔ متاثرہ علاقوں میں فوری امدادی سامان، خیمے، خشک راشن، پینے کا صاف پانی، طبی امداد اور دیگر ضروری اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا۔ جہانزیب خان کی قیادت میں اس ادارے نے صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں تک پہنچ کر وہاں کے باسیوں کو بروقت سہولیات فراہم کیں جہانزیب خان نے ایمرجنسی ہوئے مقامی رضاکاروں، لیویز فورس، سول ڈیفنس اور ریسکیو ٹیموں کو تربیت فراہم کی، تاکہ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں بروقت اور مؤثر کارروائی کی جا سکے۔ جہاں زیب قدرتی آفات میں امداد و بحالی کے کاموں میں ہمیشہ فرنٹ لائن پر موجود نظر آتے ہیں وہ نہ صرف ایک بہتر بلسر کاری آفیسر بلکہ ایک بہترین اور انتہائی سرگرم سماجی کارکن بھی ہیں حال ہی میں اگرچہ انہیں بیرون ملک ہنگاموں میں پھنسے بلوچستان کے طلباء کو وطن واپس لانے اور کوئٹہ میں صفائی کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے میٹروپولیٹن کارپوریشن کو بھاری مشینری اور تربیت یافتہ افرادی قوت فراہم کرنے کے اعتراف میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی جانب سے تعریفی اسناد سے نوازا گیا مگر ضرورت اس امر کی ہے کہ بطور ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے صوبے قدرتی آفات،





مینجمنٹ سسٹم کو بہتر بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال بڑھایا۔ سیٹلائٹ امیجز، کمیونیکیشن کے ذریعے آفات کی پیشگی معلومات حاصل کی گئیں تاکہ نقصان کو کم سے کم کیا جا سکے۔ جہانزیب خان نے اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے سیلاب اور طوفانی بارشوں میں مصیبت زدہ عوام اور متاثرہ علاقوں میں جس طرح انہوں نے اپنی بھرپور صلاحیتوں کا استعمال کیا اور خود کو ایک سرگرم و باصلاحیت آفیسر ثابت کیا ہے ان کی مزید حوصلہ افزائی کی جائے۔


CamScanner